مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اکتوبر 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

بموقع چہلم حضرت امام حسینؑ

جنات کی روحانی واردات

ملکی سیاست نجوم کے آئینہ میں

اوقات ہبوط شمس اوج عطارد

تسخیرات حاضرات و موکلات

اوقات حضیض مریخ

مجرب حاضرات

حاضرات درود تاج

دل کی بیماریاں

اکتوبر کے لکی نمبر

بہت جلد شائع ہو رہی ہے

جعفریہ جنتری 2019ء

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچے میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کُن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور حصول انعام

ھدیہ 9200 روپے

جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے ہیں مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا بلکہ محنت کی کمائی انعامی اسکیموں میں لگا کر پھر خالی ہاتھ بیٹھ جاتے ہیں میری ایسے بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنا زائچہ پیدائش بنوائیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ اُن کے زائچہ میں مشتری نحس حالت یعنی نظر مقابلہ، تربیع یا نحس قران کے درجات پر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کیلئے انعامی اسکیموں کا سہارا لیتے ہیں پھر بھی انعام اُن کے قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے۔ 12 سال بعد اس خاص موقع پر تیار کی جانیوالی لوح مشتری برائے حصول انعام یقیناً آپکو انعامی دولت سے مالا مال کر دے گی بلکہ آئندہ بھی آپ انعامی اسکیموں میں فاتح ہونگے۔ یہ خاص لوح شرف مشتری کا وقت گزرنے کے بعد تیار نہ کی جا سکے گی کیونکہ 12 سال بعد جو اس لوح کے بنانے میں قوت ہوتی ہے وقت شرف مشتری گزرنے کے بعد وہ قوت اور تاثیر کبھی دوبارہ نہ ملے گی۔

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 14 اکتوبر 2018ء شمارہ نمبر 04

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر) بابا صدف انبالوی علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی کامران بنگش

شہزاد رضوان حسین شاہ منظور علی سموں زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
بموقع چہلم حضرت امام حسینؑ	3	آسان عملیات	23
جنات کی روحانی واردات	6	علم قیافہ سے حالات معلوم کرنا	26
ملکی سیاست نجوم کے آئینہ میں	8	مسلم بھائی چارہ	29
اکتوبر میں سیارے، ملکی سیاسی	10	تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ	30
ستاروں کی چال، وظیفہ کا کمال	11	دل کی بیماریاں	32
اوقات ہبوط شمس، اوج عطارد	13	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	33
اوقات حضیض مریخ	14	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	39
مجرب حاضرات	15	روزانہ کے لکی نمبر	40
رجعت حروف صوامت کا توڑ	18	اکتوبر کے لکی نمبر	41
رفع نحوست و رجعت	19	پیغامات	44
تسخیرات حاضرات و موکلات	21	آپکی ڈاک	45
حاضرات درود تاج	22	قلمی دوستی	47

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں، اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

صفر، زکات سورۃ مزمل

ماہ رواں میں سورۃ مزمل کی زکات دینا مناسب نہیں سمجھا جاتا کیونکہ حدیث مبارکہ کی رو سے اس ماہ کم و بیش 10 لاکھ بلاؤں کا نزول ہوتا ہے جو کہ کل سال میں نازل ہونے والی بلیات کی تعداد کے برابر ہے۔ اگر دشمن کے جادو کی کاٹ کرنا مقصود ہو تو اس ماہ کا ایک خاص عمل ہے جس میں اول آخر درود شریف اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہ پڑھا جائے بلہ ابتداء تعوذ اور تکبیر (بسم اللہ اللہ اکبر) سے کی جائے۔ اس کے بعد سورۃ مزمل 7 بار پڑھیں اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 313 بار پڑھی جائے۔ نیت زکات 1 سال کی رکھیں تو ایسے شخص پر جادو کے اثرات نہ ہونگے اور کسی بھی قسم کے اثرات بد کا فوری خاتمہ ہوگا۔ روزانہ تعوذ کے ہمراہ متذکرہ بالا تینوں صورتیں روزانہ 1 بار پڑھی جائے یہ عمل صفر کے آخری بدھ قبل از نماز فجر کیا جائے۔

بموقع چہلم

۲۰ صفر بمطابق 30 اکتوبر 2018ء بروز منگل

حضرت امام حسین علیہ السلام

تحریر
سید شہباہ الحسین رضوی
کاشانہ الحسینی (کراچی)

کنیت اور لقب : -حضرت امام حسین علیہ السلام تیسرے امام ہیں اور تمام ائمہ کرام کے باپ ہیں-حضرت امام حسین علیہ السلام کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور آپ کا لقب شہید اور سید ہے-

ولادت با سعادت : -حضرت امام حسین علیہ السلام بروز سہ شنبہ 4 شعبان المبارک 4 ہجری کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے-حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدت حمل چھ ماہ تھی-حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام اور آپ کے سوا کوئی بچہ زندہ نہ رہا جس کی مدت حمل چھ مہینے ہوئی ہو۔

لفظ "حسین" کی وجہ تسمیہ : -حضرت حسین علیہ السلام حضرت حسن علیہ السلام کی ولادت باسعادت سے علوق فاطمہ تک صرف ایک ماہ بیس یوم کے تھے-حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپؑ کا نام گرامی حسین رکھا-آپؑ حسن و جمال میں کچھ ایسے تھے کہ جب آپؑ اندھیرے میں بیٹھتے تو آپؑ کی پیشانی مبارک سے شعاعیں نکل کر اردگرد کو روشن کر دیتی تھی-آپؑ خواجہ کونین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سینہ سے پاؤں تک اور امام حسن علیہ السلام سینہ سے سر تک مشابہ تھے-حضور خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلحُسَینَ مِنِّی وَاَنَا مِن الحُسَین

"حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں"

پھر ارشاد فرمایا!"اے اللہ جل شانہ-جو حسین کو دوست رکھتا ہے تو بھی اسے دوست رکھ"

پھر فرمایا!"حسین میرے فرزندوں میں سے ایک فرزند ہے"

جبرائیلؑ کا فرمان : -ایک دن کا ذکر ہے کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہ السلام باہم کشتی کرنے لگے تو خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن علیہ السلام سے فرمایا!"اے حسن، حسین کو پکڑ لو"-

حضرت خاتون جنت علیہ السلام نے فرمایا"یارسول اللہ ﷺ! آپ بڑے کو فرماتے ہیں کہ چھوٹے کو پکڑ لو"

حضرت خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!"جبرائیل بھی تو حسن کو کہہ رہے ہیں کہ حسین کو پکڑ لو"

مبارک خوشخبری : -حضرت اُم الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے حضرت خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا"حضور میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس سے مجھ پر خوف طاری ہو گیا ہے"

خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!"کیا خواب دیکھا ہے"

اُم الحارث نے کہا"یارسول اللہ! میں نے دیکھا ہے کہ آپ ﷺ کے جسم مبارک سے ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا گیا ہے"

حضور خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!"خاتون جنت ابھی ایک فرزند لائیں گی جو تیری گود میں ہوگا" اس واقعہ کے حضرت امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

غم حسین کی کیفیت : -ایک روز کا ذکر ہے کہ حضور خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت امام حسین علیہ السلام کو اپنے دائیں بازو اور اپنے فرزند حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بائیں بازو پر بٹھائے ہوئے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بائیں بازو پر بٹھائے ہوئے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہا!

"اللہ تعالیٰ ان دونوں کو آپ کے پاس باہم نہ رہنے دے گا-ان میں سے جسے چاہیں پسند کریں"-

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!"اگر حسین رخصت ہو جائیں تو ان کے غم میں حضرت خاتون جنت، حضرت علی المرتضیٰ اور میری جان جائے

گی اور اگر صرف ابراہیم وصال کر جائیں تو تمام تر غم میری جان پر ہی ہوگا اس لئے میں دوسرے غم کو پسند کرتا ہوں"۔

اس واقعہ کے صرف تین دن بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے وصال فرمایا

پیشانی پر بوسہ دینا :۔جب کبھی حضرت امام عالی مقام علیہ السلام حضور خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے تو آپ ان کی پیشانی پر بوسہ دیتے اور خوش آمدید کہہ کر فرماتے "اس فرزند پر میں نے اپنے فرزند ابراہیم کی قربانی دی ہے"۔

مقام کربلا کا مشاہدہ فرمانا :۔حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ ایک شب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لے گئے اور کافی دیر کے بعد گھر واپس لائے میں نے آپ ﷺ کے بالوں کو غبار آلود دیکھ کر عرض کیا "یارسول اللہ! میں آج حضور کو کس حال میں دیکھ رہی ہوں"

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے سلمہ! آج مجھے ایک ایسی جگہ پر لے جایا گیا جو عراق میں ہے اور جسے کربلا کہا جاتا ہے اور یہی حسین کے شہید ہونے کی جگہ ہے۔ وہاں میں نے اپنی اولاد کا مشاہدہ کیا اور ان کے خون کو زمین سے اٹھا لیا جو میرے ہاتھ میں ہے"۔ پھر آپ ﷺ نے مٹھی کھول کر فرمایا: "اسے پکڑ لے اور محفوظ کر کے رکھ لے"۔

اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس مٹی کو لے کر دیکھا تو وہ سرخ رنگ کی تھی پھر آپ ﷺ نے اسے بوتل میں رکھ لیا اور پھر اس بوتل کا سرا اچھی طرح باندھ دیا۔ جب حضرت حسین بن علی علیہ السلام نے عراق کا سفر اختیار کیا تو میں ہر روز اس شیشی کو باہر لا کر دیکھتی رہی اس میں مٹی ایسی تھی جس طرح کہ میں نے اسے دسویں محرم کے دن دیکھا تھا تو اس میں خون تازہ ہو چکا تھا۔ میں سمجھ گئی کہ حضرت حسین علیہ السلام جام شہادت نوش فرما چکے ہیں۔ میں نے بہت آہ و زاری کی مگر دشمن کے خوف سے میں گریہ زاری سے رُک گئی۔ جب آپ کی شہادت کی خبر ملی تو وہی دن تھا۔

حضرت امام عالی مقام نے عاشورہ کے دن 41 ہجری کو جام شہادت نوش فرمایا۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر ستاون (57) سال تھی۔

حضرت جبرائیلؑ کا شہادت کی خبر دینا :۔حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے کہ ایک روز محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء حضرت جبرائیل امین علیہ السلام کے پاس موجود تھے کہ اچانک حضرت امام عالی مقام علیہ السلام ان کے پاس آ گئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دریافت کیا اے اللہ کے محبوب یہ کون ہیں؟

حضور نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا! "یہ میرا بیٹا حسین ہے"

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ فرما کر حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کو اپنی گود میں لے لیا۔

"یہ دیکھ کر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا "آپ کے بیٹے حسین کو بہت جلد شہید کر دیا جائے گا"۔

آپ ﷺ نے پوچھا "اے جبرائیل انہیں کون شہید کرے گا"

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی اُمت شہید کرے گی۔ اگر آپ ارشاد فرمائیں تو آپ کو وہ جگہ بھی بتا دوں جہاں یہ جام شہادت نوش فرمائیں گے"

اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کربلا کی طرف اشارہ کیا اور کچھ سرخ مٹی پکڑ کر آپ کو دکھائی اور کہا کہ یہ مٹی حسین کے مقتل گاہ کی ہے۔

سر کا ھدیۃً پیش کرنا :۔حضرت زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب ہم کوفہ کی جانب گئے تو ٹھہرنے کی کوئی ایسی جگہ نہ تھی جہاں حضرت حسین علیہ السلام نے حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کا ذکر نہ کیا ہو۔ ایک دن آپ نے فرمایا کہ دنیا کی ذلت و رسوائی کی دلیل یہ ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے سر مبارک کو ایک عورت کے ذریعہ سے بنی اسرائیل کے نابکاروں کو بطور ہدیہ پیش کیا گیا۔

قتلِ حسین علیہ السلام کا بدلہ :۔حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی کی گئی کہ ہم نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قتل کے بدلے میں ستر ہزار افراد کو ہلاک کیا اور آپ کے بیٹے حسین کے بدلہ میں اس سے دوگنا افراد کو ہلاک کیا جائے گا یہ قول درست ثابت ہو چکا ہے کہ قاتل امام عالی مقام اور ان کے رفقاء میں سے کوئی ایسا شخص نہ رہا جو موت سے قبل ذلیل و خوار نہ ہو۔ ان سب کو موت کے گھاٹ بُری طرح اتارا گیا اور اکثر بہت برے مصائب میں پھنس کر رہ گئے۔

امام پاک علیہ السلام کے قاتلوں کا انجام :۔ایک معتبر راوی سے مروی ہے کہ جب عبیداللہ بن زیاد اور اس کے رفقاء کے سر کوفہ کی مسجد میں لائے گئے تو انہیں رحبہ میں رکھا گیا۔ میں بھی وہاں گیا میں نے لوگوں کی زبان سے ''آ گیا آ گیا'' کے الفاظ سنے۔ آخر ایک سانپ نمودار ہوا اور ان سروں کے مابین گھس گیا۔ پھر عبیداللہ بن زیاد کی ناک میں گھسا اور کچھ دیر کے بعد باہر نکل کر چلا گیا۔ یہاں تک کہ نظروں سے غائب ہو گیا ۔پھر لوگوں نے ''آ گیا آ گیا'' کہنا شروع کر دیا۔ پھر دوسری مرتبہ وہی سانپ آ گیا اور جو پہلے کیا تھا اسی طرح اس بار بھی کیا۔

سونا کا بھسم ہو جانا :۔شمر بن ذی الجوشن کو حضرت امام عالی مقام علیہ اسلام کے سامان سے کچھ سونا مل گیا جس میں سے کچھ اس نے اپنی لڑکی کو دے دیا تھا۔ اس کی بیٹی نے وہ سونا ایک سنار کو دے دیا تا کہ وہ اس کے لئے کوئی زیور بنا دے جب سنار نے سونے کو آگ میں ڈالا تو وہ سونا بھسم ہو گیا۔ شمر ذی الجوشن نے سنار کو بلا کر باقی سونا بھی اسے دے دیا اور کہا کہ میرے سامنے اس سونے کو آگ میں ڈالو۔ جب زرگر نے سونے کو آگ میں ڈالا تو وہ سونا بھی بھسم ہو گیا۔

تلخ گوشت :۔مروی ہے کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کے چند اونٹ جو بچ گئے تھے انہیں ظالموں نے ذبح کر دیا اور کباب بنائے۔ ان کبابوں کا ذائقہ اس قدر تلخ تھا کہ ہر کوئی کھانے سے اجتناب کرتا تھا۔ کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ یہ گوشت کھا سکے۔

جنات کا نوحہ خوانی کرنا :۔ایک معتبر راوی سے روایت ہے کہ میں نے ایک ایسے شخص کو قبیلہ طے سے ہمارے پاس آیا تھا دریافت کیا'' کیا تم نے امام عالی مقام پر جنات کو نوحہ خوانی کرتے سنا ہے''۔ اس شخص نے کہا'' ہاں سنا ہے لیکن قبیلہ طے کے ہر شخص سے دریافت کرنا ورنہ ہر شخص تمہیں اس کے متعلق کچھ نہ کچھ الگ سے بتائے گا''۔ راوی نے کہا کہ میں تو صرف تمہیں سے دریافت کرنا بہتر سمجھتا ہوں کیونکہ تو نے بھی انہیں سے سنا ہے۔ اس شخص نے کہا'' میں نے ان کی زبان سے یہ الفاظ سنے ہیں۔

''محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء نے ان کی پیشانی کو چوما جن کے رخسار مبارک منور ہیں۔ ان کے باپ دادا اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھنے والے ہیں''۔

امام پاک علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت ہو :۔جب مدینہ طیبہ میں بعض بد بخت اشخاص نے دوران خطبہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت پر اظہار مسرت کیا تو اس رات مدینہ طیبہ میں درج ذیل اشعار سنے گئے مگر پڑھنے والا نظر نہ آیا۔

''اے حسین کو جہالت سے قتل کرنے والوں۔ تمہیں سخت رسوا کرنے والے عذاب کی بشارت ہو۔ آسمان میں جتنی بھی مخلوق ہے خواہ وہ نبی ہوں یا فرشتے وہ سب تم پر بددعا کرتے ہیں تم پر لعنت ہو بزبان حضرت سلیمان بن داؤد اور حضرت عیسیٰ جو انجیل کے مالک ہیں''۔

اہل روم کے نمازیوں میں سے ایک نے بیان کیا کہ میں نے ایک گرجا میں یہ شعر مرقوم پایا۔

''کیا وہ امت جس نے حضرت حسین علیہ السلام کو قتل کیا ہے اس کے جد امجد سے قیامت کے دن شفاعت کی امید رکھتی ہے''۔

سر انور سے آواز آنا :۔حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب ابن زیاد نے حکم دیا کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کے مبارک نیزے پر چڑھا کر کوفہ کے گلی کوچوں میں پھیرا گیا تو اس وقت میں اپنے مکان کی کھڑکی میں کھڑا تھا۔ جب حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کا سر مبارک میرے پاس سے گزرا تو مجھے سر مبارک سے یہ آواز سنائی دی۔'' تو گمان کرتا ہے بے شک اصحاب کہف اور رقیم ہماری نشانیوں میں سے عجیب تر تھے''۔ یہ آواز اتنی ہیبت ناک تھی کہ سنتے ہی میرے اوسان خطا ہو گئے اور میں پکار اٹھا کہ:۔

''قسم بخدا یہ سر مبارک تو شہزادہ عالی مقام کا ہے اور اس میں سے ایسے آواز کا نکلنا عجب سی بات ہے''۔

پتھر سے تازہ خون نکلنا :۔ایک شخص عمرو زہری نامی ایک روز عبدالملک بن مروان کی محفل میں تھا کہ ولید نے اس سے پوچھا:۔'' تم میں سے کون ایسا شخص ہے کہ جسے علم ہو کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کی شہادت کے روز بیت المقدس کے پتھروں کی کیفیت کیا تھی''؟ امام زہری نے کہا'' میرے علم میں یہاں تک ہے کہ اس روز جس پتھر کو بھی اٹھایا جاتا تو اس کے نیچے سے تازہ خون نکلتا تھا''۔

آسمان سے خون کا برسنا :۔مروی ہے کہ جب حضرت امام عالی مقام علیہ السلام شہید ہوئے تو آسمان سے خون برسنے لگا اور ہر شے خون سے لت پت ہو گئی نیز آسمان کئی دن تک خون سے لت پت رہا۔

جنات کی روحانی واردات

قسط 49

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین آپکی روحانی معلومات کے پیش نظر اپنے ذاتی روحانی مشاہدات قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں اس انداز سے پیش کر رہے ہیں کہ آپ ان واقعات سے کچھ نہ کچھ سیکھ سکیں یعنی کس موقع پر کس سورۃ مبارکہ یا کس وظیفہ کو کس طریقہ سے پڑھنا ہے کہ وہ مسئلہ حل ہو جائے۔

اس مضمون کو شائع کرنے کا دوسرا مقصد آپ کی روحانی تربیت کرنا بھی مقصود ہے۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں اُن تمام دوستوں کا جنہوں نے رابطہ کر کے اس مضمون کی اہمیت کا احساس دلوایا۔ جیسا کہ تحفہ روحانیات کے قیمتی صفحات کے پیش نظر اگست میں ہم یہ مضمون شائع نہ کر سکے تو اس ماہ لاتعداد قارئین نے رابطہ کیا اور دوستوں نے اس بات کا اصرار کیا کہ آپ بیشک دوسرے مضامین آئندہ ماہ کیلئے ڈال دیا کریں لیکن ہمیں اس مضمون کا بے چینی سے انتظار رہتا ہے ہم ان صفحات کو اپنے روحانی استاد کی تربیت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس بات کا بھی زور دیا گیا کہ کتابی شکل میں ان مضامین کو شائع کیا جائے تا کہ ہم اور آئندہ آنے والی نسلیں روحانی استفادہ کر سکیں۔ قارئین کی اس خواہش کا بھی احترام کیا جا رہا ہے ان شاء اللہ جلد کتابی شکل میں یہ مضامین آپ کو ملیں گے۔

محترم قارئین جنات بارے پہلے بھی چند مضامین اُن کے واقعات تشخیص اور علاج سے متعلق انہی صفحات پر شائع کر چکے ہیں لیکن کچھ خاص دوستوں نے اس قسم کے اور بھی واقعات اور ایسے مریضوں کے علاج کا طریقہ کار معلوم کیا ہے۔ جنات کے علاج بارے چند مختصر روحانی مشاہدات قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ ضرور پسند آئیں گے۔

گرمیوں کی شام تھی اور ملتان میں جون جولائی کا مہینہ آپ خود تصور کر سکتے ہیں اور یہ وہ ایام ہوتے ہیں جن میں رات اور دن سخت گرمی کے رہتے ہیں۔ گرمی کی شدت اس قدر کے اگر آپ شام کے وقت سایہ دار درختوں کے نیچے سے گزریں تو وہاں آپکو لاتعداد پرندے گرمی کی وجہ سے مرے ہوئے ملیں گے۔ گرمی اس قدر پڑتی یعنی تہجد اور بوقت فجر گرمی پسینہ کی وجہ سے ہی آنکھ کھلتی۔ یہ وہ وقت تھا جب مکتبہ روحانیات باقاعدہ دفتری شکل میں قائم کیا گیا ماہنامہ تحفہ روحانیات اور مزمل روحانی جنتری 2006ء کی پہلی اشاعت قریب تھی۔ ایک دوست جس کی فیکٹری تھی میرے پاس بڑی گھبرائی ہوئی حالت میں آئے ان کے ساتھ ایک دوسرا شخص تھا جس کا تعارف انہوں نے کروایا کہ یہ ہمارے سٹاف میں سے ہے۔ فیکٹری میں ہم نے یہ ایک کمرہ مختص کیا ہے کام کرنے کے بعد یہ لوگ شام کے وقت غسل کر کے اپنا لباس تبدیل کر لیتے ہیں مگر ابھی کچھ دیر پہلے اس کے جسم کا نچلا حصہ بالکل بے جان ہو گیا اس کا دل بیٹھا جا رہا ہے اور سمجھ نہیں آتی کہ کیا کروں اچانک آپ کا خیال آیا کیونکہ جب اسکی یہ حالت ہوئی اس کے بعد سے اب تک یہ گم سم ہے۔

اچھا یہ مجھے بتائیں کہ کیا اس سے پہلے بھی اس قسم کی حالت آپ کے کسی ورکر کے ساتھ ہوئی یا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس دوست کے ساتھ بیٹھے ہوئے ملازم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا!

نہیں حضرت یہ پہلا واقعہ ہے ابھی آپ اس کی حالت دیکھیں ذرا آپکو پتہ چل جائیگا کہ یہ کس قدر خوفزدہ اور ڈرا ہوا ہے۔ اُن صاحب نے اُس ملازم کے کاندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا جیسے کہ اُسکو حوصلہ دے رہے ہوں۔

اچھا گھبرانے کی کوئی بات نہیں اللہ کے کلام میں بڑی طاقت ہے شیاطین اور جنات آپکو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ میں نے اُنہیں حوصلہ دیا اُس ملازم کو ساتھ دوسری جائے نماز پر بیٹھنے کیلئے کہا اور خود کچھ فاصلہ پر دوسری بچھی ہوئی جاہ نماز پر یہ جاننے کیلئے گیا کہ آخر ماجرا کیا ہے۔

مراقبہ کی حالت میں جنات کی طرف سے پیغام آیا کہ آپ ان لوگوں کو منع کریں کہ وہ اس کمرہ میں کپڑے تبدیل نہ کیا کریں کیونکہ اس کمرہ میں ہمارا خاندان آباد ہے۔ ان لوگوں کی وجہ سے ہمیں سخت تکلیف ہوتی ہے۔ جنات کے سردار کی جانب سے یہ پیغام سُن کر اُسے مطمئن کیا گیا کہ ان شاء اللہ آئندہ اس کمرہ میں آرام ضرور کریں گے لیکن کپڑے تبدیل نہ کئے جائیں گے۔

مراقبہ کی حالت سے واپس آنے کے بعد متاثرہ شخص کو 3 بار سورۃ مزمل پڑھ کر دم کیا اور اُسکا ڈر اور خوف ختم کرنے کیلئے 7 بار با آواز درود مزمل پڑھ کر پھونک دیا۔ پھر ایک پانی پر دوبارہ سے سورۃ مزمل پڑھی اور اُسے پینے کیلئے دیا اور واپس اپنی نشست پر آ گئے۔ 2 یا 3 منٹ گزر پائے کہ وہ شخص بہتر ہو گیا۔ جب اُن صاحب نے اس سے پوچھا فرقان اب بتاؤ طبیعت

کیسی ہے تو اُس نے کہا کہ اب بہتر ہے۔

ان صاحب نے کہا کہ حضرت آپ کا بہت بہت شکریہ مجھے آپ بتائیں گے کہ آخر مسئلہ کیا تھا؟

دیکھیں بھائی صاحب مجھے آپ کا نام تو نہیں معلوم؟

حضرت مجھے ملک علیم کہتے ہیں۔قریب ہی میری فیکٹری ہے کبھی آپ میرے پاس تشریف لائیں۔

اچھا ملک صاحب !بات یہ ہے کہ جس کمرہ میں یہ لوگ غسل کرتے اور کپڑے تبدیل کرتے ہیں وہاں پر جنات کا ایک خاندان موجود ہے اُس خاندان کی جانب سے ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا وہ جنات یہ چاہتے ہیں کہ یہ لوگ یہاں کپڑے تبدیل نہ کریں ہاں آرام کی غرض سے اس کمرہ کو استعمال کر سکتے ہیں اب اُن سے وعدہ کر لیا ہے کہ یہ لوگ آئندہ یہاں کپڑے تبدیل نہ کریں گے۔

جی بہت بہتر حضرت صاحب مجھے بھی یہاں پر فیکٹری بنائے 3 ہفتے ہوئے ہیں آج دوسرا یا تیسرا دن ہے کہ میرے ملازمین نے کہا کہ شدید گرمی سے ہم تھک جاتے ہیں شام کو غسل کے بعد ہم یہاں پر کپڑے تبدیل کر کے آرام کر لیا کریں گے جس کی میں نے اجازت دے دی۔

جب اس متاثرہ شخص کے چہرہ کو دیکھا گیا تو اُس نے کچھ بولنے کی ہمت کی اور کہنے لگا کہ شاہ صاحب مجھے تو کچھ بھی نہیں ہوا تھا میرا تو بلڈ پریشر لو ہو گیا تھا بہر حال اُسکو دم کیا ہوا پانی دیا اور جانے کی اجازت دے دی۔

اگلے روز شام اُسی وقت یعنی ساڑھے چار بجے پھر وہ شخص اُسی ملازم کو لے کر آیا اور کہا کہ حضرت آج تو اس کی حالت بہت غیر ہو گئی ہے وہ بری طرح کانپ رہا تھا اور چیخ رہا تھا کہ مجھے کچھ ہو گیا ہے یا کچھ ہونے والا ہے مجھے بچالو۔

ملک علیم صاحب کیا آپ نے اپنے ورکروں کو منع نہ کیا تھا کہ اُس کمرہ میں اپنے کپڑے تبدیل نہ کیا کریں۔

کیوں نہیں حضرت میں نے تو اُسی وقت سب ورکرز کو بلا کر سختی سے منع کر دیا تھا باقی تو باز آ گئے مگر اس نے اُسی کمرہ میں دوبارہ سے کپڑے تبدیل کیے کافی دیر ہوئی جب یہ باہر نہ آیا جا کر دیکھا تو یہ بری طرح کانپ رہا تھا اس کے دونوں ہاتھ اپنی ٹانگوں پر تھے چہرے پر خوف اور دہشت تھی ۔ملک صاحب نے یہ سب باتیں بہت جلدی جلدی بول دی جیسے کہ وہ بھی بہت گھبرائے ہوئے ہیں۔

میں نے اُس متاثرہ شخص کی طرف دیکھتے ہوئے کہا کہ کل تو تمہارا بلڈ پریشر لو تھا آج بھی بلڈ پریشر لو ہو گیا ہو گا جا کر کسی ڈاکٹر سے دوائی لے لو۔

تو اُس نے کہا کہ نہیں کل بھی میرا بلڈ پریشر لو نہیں ہوا تھا مگر آج حالت زیادہ خراب ہے خدا کے واسطے کچھ کریں اُن چیزوں نے میرا نچلا حصہ اس قدر جکڑا ہوا ہے کہ میری جان نکلی ہوئی ہے۔

مراقبہ کی حالت میں اس خاندان کے سردار کو حکم دیا کہ وہ اس کا جسم اور روح چھوڑ دے اور اچھا کیا کہ تم نے اس کو سبق سکھایا۔اب یہ دوبارہ غلطی نہ کریگا تم اسکو ایک موقع اور دے دو۔جس پر وہ رضامند ہو گئے اور کہا کہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم اس کو اچھا سبق سکھاتے کہ دوبارہ اُس کمرہ میں بھی داخل نہ ہوتا۔

چند ہی لمحوں میں اس کی حالت بہتر ہو گئی سورۃ مزمل 5 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اسکو دیا گیا۔اُس نے وہ پانی ایک ہی سانس میں پی لیا۔

2یا3 منٹ بھی گزر نہ پائے کہ اُسکی حالت بہتر ہو گئی وہ بہت سہما ہوا تھا آخری بار اُسے تنبیہ کی گئی کہ اگر تم نے اب غلطی کی تو پھر میں کچھ نہیں کر سکتا اس بار اُس نے معافی مانگی اور کہا کہ میں جنات وغیرہ پر یقین نہیں رکھتا تھا لیکن اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ ان کا وجود ہے کیونکہ میں نے اپنے گرد 3 سے 4 سائے خود دیکھے اور پھر اُن سایوں نے مل کر میری ٹانگیں اور نچلا دھڑ مضبوطی سے دبوچ لیا تھا جب آپ نے مراقبہ کی حالت میں اُن کو ایسا کرنے سے منع کیا تو یوں لگا کہ جیسے مجھے آزادی مل گئی۔

اب تم ایسا کرو کہ ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد کرو دوبارہ سے اُس کمرہ میں آرام کی غرض سے جانا لیکن کپڑے تبدیل نہ کرنا اور اب غلطی ہوئی تو اس کی گنجائش بالکل نہ ہے اور جنات تمہیں سخت مصیبت میں ڈال دیں گے۔

نہیں شاہ صاحب اب تو ہرگز ایسی غلطی نہ ہو گی آپ نے سمجھا دیا دراصل میں تو یہ ہی سمجھ رہا تھا کہ میرا بلڈ پریشر لو ہو گیا ہو گا۔مجھے رات کو یہ لوگ تنگ نہ کریں تو برائے مہربانی مجھے ایک نقش حفاظت کا بھی دے دیں کہیں ایسا نہ ہو کہ میں دوبارہ کسی مصیبت یا پریشانی میں پھنس جاؤں۔

اس متاثرہ شخص کو لوح حصار تین دن بعد تیار کر کے دی گئی جب تک کیلئے سورۃ مزمل کا دم کیا ہوا پانی اُس کو پینے کیلئے دیا گیا۔

ملک صاحب نے شکریہ ادا کیا اور آئندہ بھی ملاقات کا کہہ کر چلے گئے ابھی اس واقعہ کو ایک ہفتہ بھی گزر نہ پایا تھا کہ صبح 10 بجے کے قریب ملک صاحب بہت گھبرائے ہوئے آئے اُن کے کپڑے پسینہ میں تر تھے جیسا کے کوئی بڑا نقصان ہو گیا ہو منہ سے الفاظ نہیں نکل رہے تھے۔

مکتبہ روحانیات کی ٹیم کا ایک رُکن اُنکو ہمراہ لے کر میرے پاس آیا ملک صاحب خوف کے مارے کھڑے لرز رہے تھے اتنی بڑی مونچھیں اور رعب دار شخصیت کا مالک اس طرح سے خوفزدہ ہو بات سمجھ ہی آ رہی تھی کہ مسئلہ زیادہ خراب ہے۔

(باقی آئندہ)

ملکی سیاست نجوم کے آئینہ میں

تحریر :۔ آسٹرولوجسٹ حکیم عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

وزیراعظم عمران خان صاحب کا زائچہ حلف برداری پاکستان کے تجدیدی زائچہ پر ایک نظر

زہرہ چھٹے گھر کا حاکم ہے جسکے اثرات کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تبدیلیاں' عدلیہ کے سخت فیصلے یا مزید گرفتاریاں متوقع ہیں

محترم قارئین! امید ہے کہ آپ کو یاد ہوگا ہم نے جولائی کے رسالے میں اپنے انٹرویو میں ملک میں ہونے والے الیکشن اور کس پارٹی کا پلہ بھاری ہوگا اسکی وضاحت کی تھی اور ہم نے واضح کیا تھا کے عمران خان صاحب ایک اعلیٰ مقام حاصل کرلیں گے اور شہباز شریف صاحب مشکلات کا شکار ہونگے موجودہ صورتحال آپ کے سامنے ہے، شائقین نجوم کے لیے ویدک آسٹرولوجی کے اے، ایس، ایف سسٹم کے مطابق ہم زائچہ پاکستان و وزیراعظم اور انکا زائچہ حلف برداری اور آنے والے اوقات میں سیارگان کی ٹرانزٹ پوزیشن کو مدنظر رکھ کر صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

پاکستان کے تجدیدی زائچہ پر بات کی جائے تو طالع برج ثور 3 درجہ 33 دقیقہ پر طلوع ہوا طالع کا ضلعی حاکم سیارہ زہرہ اپنے بنیادی مول ترکون چھٹے گھر برج میزان کا حاکم ہوکر فعلی منحوس ہے۔ طالع ثور کیلئے منحوس اثر رکھنے والے سیارے راہو، کیتو کے ساتھ ساتھ، زہرہ، مشتری و مریخ ہیں کیونکہ انکے مول ترکون برج بالترتیب زائچہ کے 12,8,6 گھر ہیں جب بھی ٹرانزٹ پوزیشن میں یہ سیارے آپس میں یا مختلف گھروں کو ناظر ہونگے تو سخت قانونی اقدام، ملک میں مشکلات اور منفی اثرات نمایاں ہونگے اور سعد اثر رکھنے والے سیارے قمر، شمس، عطارد و زحل ہیں جو کہ ٹرانزٹ پوزیشن اور اپنے ادوار میں اپنی قوت کے مطابق اچھا یا درمیانہ سعد اثرات دیں گے۔ زائچہ پاکستان کی موجودہ صورتحال کو دیکھا جائے تو سیارہ مشتری کا دورا کبر (مہادشا) اور سیارہ زہرہ کا دورا اصغر (انتر دشا) جاری ہے جو کے 2019 تک جاری رہے گا یہ دونوں سیارے زائچہ پاکستان میں فعلی منحوس ہوکر کمزور پوزیشن میں نویں اور ساتویں گھر میں موجود ہیں آنے والے مہینوں میں ٹرانزٹ پوزیشن کو دیکھا جائے تو حالات میں سختی نمایاں نظر آتی ہے آٹھویں گھر کا حاکم مشتری 11 اکتوبر کو ساتویں گھر عقرب میں داخل ہوتے ہی زائچہ کے خانہ 1.3.7.11 کو ناظر ہوکر متاثر کرے گا یہ نظر مکمل طور پر 28.27 اکتوبر کو بنے گی اس دوران اسمبلی میں کوئی ہنگامہ ہوسکتا ہے اسکے علاوہ ایسے اقدامات و فیصلے ہوسکتے ہیں جو کہ ناپسند ہوں اسکے ساتھ ساتھ غیر ملکی معاملات وتجارت ڈسٹرب ہونگے خارجہ پالیسی کے حوالے سے بھی مسائل وتنازعات کا سامنا رہے گا ایک ٹینشن کی فضا قائم رہے گی البتہ جب مشتری کی نظر ہٹے گی تب جا کر معاملات میں اعتدال آنا شروع ہوگا۔ اسی طرح فعلی منحوس زہرہ بحالت رجعت چھٹے گھر اپنے برج میزان میں یکم نومبر سے اپنے اور بارہویں گھر سے نظر بنائے گا اور مکمل نظر 5 نومبر کو اور 11 نومبر سے زہرہ ایک ہی درجہ پر اسٹیشنری پوزیشن پر آجائے گا اور اسی حالت میں 16 نومبر کو مستقیم ہوگا زہرہ اس درجہ پر 22 نومبر تک رہ کر ایک بار پھر 27 نومبر کو کامل نظر بنائے گا اسکے علاوہ راہو کیتو بھی 16 نومبر سے زائچہ کے مختلف گھروں کو ناظر ہوکر متاثر کرنا شروع کریں گے یہ نظر 4 دسمبر کو کامل ہوگی راہو و کیتو کی یہ پوزیشن اگلے سال تک برقرار رہے گی۔ زہرہ چھٹے گھر کا حاکم ہے جو کہ سول ملٹری اسٹیبلیشمنٹ اور عدلیہ کے فیصلوں کا گھر ہے اسکے اثرات کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تبدیلیاں آسکتی ہیں عدلیہ کے سخت فیصلے سزائیں یا مزید گرفتاریاں متوقع ہیں زہرہ کی بارھویں گھر پر نظر بیوروکریسی اور بیرون ملک کی خفیہ سازیشوں کے خطرات سے آگاہی دیتی ہے دعا ہے کہ اللہ پاک ملک وقوم کی ہر طرح سے حفاظت فرمائے آمین۔

زائچہ پاکستان



چوہدری نیوز ایجنسی ،ریلوے روڈ صادق آباد۔0333-2869692 ادارہ روحانیات

زائچہ محترم وزیراعظم عمران خان



زائچہ حلف



محترم قارئین وزیراعظم جناب عمران خان صاحب کے پیدائشی زائچہ پر بات کی جائے تو انکا طالع برج میزان کے 25 درجہ پر طلوع ہے طالع کا مالک سیارہ زہرہ نے زائچہ کے پہلے گھر میں موجود ہو کر ایک طاقتور پوزیشن حاصل کر لی زہرہ پر کسی فعلی منحوس سیارے کی نظر بھی نہیں اور درجاتی لحاظ سے بھی مضبوط ہونے کی بنا پر ایک طاقتور ملاوایا یوگ بنا رہا ہے جسکی وجہ سے مختلف کاموں میں آسانیاں اور خوش قسمتی ہمیشہ ان کے مقدر میں رہیں۔اس کے علاوہ نواما اور دسما چارٹ میں بھی زہرہ اچھی جگہ واقع ہے دسما میں شرف یافتہ ہے واضح رہے کہ دسما چارٹ کو کسی کی پیشہ وارانہ معاملات کا جائزہ لینے کے لیے دیکھا جاتا ہے۔مشتری و مریخ ایک دوسرے کے گھروں میں بیٹھ کر ایک اہم سعد یوگ بنا رہے ہیں زائچہ کی مجموعی صورت حال سے قطع نظر کرتے ہوئے موجودہ صورتحال و سیاروں کے فعال ادوار کو دیکھا جائے تو پیدائشی زائچہ میں مشتری کا دورا کبر اور پانچویں گھر کے مالک سیارہ زحل کا دورا صغر (انتر دشا) چل رہا ہے زحل پیدائشی زائچہ میں بارہویں گھر میں تحت الشاع ہے اور فعلی منحوس عطارد سے قریبی قران اور راہو کی نظر سے متاثر ہے زحل کا متاثر ہونا، محبت کے معاملات میں ناکامی، مختلف اسکینڈل، اولاد سے دوری، اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ہر طرح کی حکمت و ظیفی، اور بعض غلط فیصلوں کا سبب بنا۔حالیہ زحل کا یہ دور مئی 2019 تک رہے گا اور ٹرانزٹ میں زحل تیسرے ایکشن و پہل کاری کے گھر میں موجود ہے اسکے علاوہ 29 اکتوبر کو فعلی منحوس عطارد کا مشتری سے قران اور زہرہ کا تحت الشاع ہونا مزید 5 نومبر سے 15 تک راہو کی مشتری پر نظر اور نومبر ہی میں مشتری کا تحت الشاع ہونا یہ سارے عوامل صحت کی خرابی اور مزید ایسے اقدامات کیے جانے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔وزیراعظم صاحب کے زائچہ حلف برداری کو دیکھا جائے تو حلف برداری کا یہ وظیفہ 18 اگست صبح 10:18 پر شروع ہوا، اور 10:24 پر اختتام پذیر ہوا موجودہ وقت کے مطابق برج میزان 2 درجہ پر طلوع ہے جسکا حاکم سیارہ زہرہ بارہویں گھر میں ہبوط یافتہ ہے جو کہ ایک کمزور پوزیشن ہے جسکی وجہ سے منصبی فرائض میں مشکلات اور رکاوٹیں واقع ہونے کی نشاندہی ہے مجموعی طور پر زائچہ میں سیاروں کی پوزیشن تسلی بخش ہے جس میں سب سے زیادہ اثر رکھنے والا سیارہ شرف یافتہ مضبوط مریخ ہے جو کہ راج کا یوگ بنا رہا ہے یہ یوگ لیڈر شپ، قائدانہ صلاحیتیں اور ایسا اقتدار عطا کرتا ہے جس اقتدار میں سخت رویے اور انانیت جیسے مسائل جنم لیں کیونکہ یہ راج یوگ ہے تو ایسے یوگ کے حامل افراد اقتدار کو آسانی سے جانے نہیں دیتے اور مخالفین کے اعصاب و دماغ پے سوار ہو کر مقابلہ کرتے ہیں۔زائچہ کی صورت حال اپوزیشن کے سخت کردار کو بھی واضح کر رہی ہے جو وزیراعظم کے لیے مشکلات پیدا کر سکتی ہیں اس زائچہ حلف میں مشتری کا دورا کبر اور قمر کا دورا صغر جاری ہے قمر زائچہ میں کمزور ہے جو کہ اپنے دور میں خاص فوائد دینے کی اہلیت نہیں رکھتا اس زائچہ کے مطابق سال 2019 تک مشکلات کی نشاندہی ہو رہی ہے خاص کر دسمبر 2018 سے لے کر مارچ 2019 کے اسٹارٹ تک سخت و مشکل حالات پیدا ہو سکتے ہیں جب راہو کیتو زائچہ حلف کے مختلف گھروں کو ناظر ہونگیں اس وقت میں کئی حوالوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے ایک طرف وزیراعظم کی عزت و ساکھ کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے وہی اپوزیشن کے احتجاج میں شدت آسکتی ہے مگر واضح رہے ایسی ہی نظر عمران خان صاحب کے ذاتی زائچہ میں بھی مئی 2019 کے آخری ہفتے اور جون میں بنے گی جب راہو کیتو کی مختلف گھروں میں نظر کے ساتھ بارہویں گھر کا حاکم فعلی منحوس عطارد زائچہ کے دوسرے و آٹھویں گھر کو شدید متاثر کرے گا دونوں صورتوں میں شدید مشکلات و رکاوٹیں اور کسی حادثہ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔اسکے علاوہ زائچہ حلف میں جب شرف یافتہ مریخ کا دور شروع ہوگا تب حالات وزیراعظم صاحب کے حق میں ہونگیں اور وہ اپنے ارادوں میں کامیابی حاصل کر پائیں گے۔اللہ پاک سے دعا ہے کہ حکمرانوں کو ملک و قوم کی اخلاص کے ساتھ خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور تبدیلی بلاتفریق عوام کی خوشحالی میں نظر آئے نہ کہ حکمرانوں اور اعلیٰ اقتدار کے لوگوں تک محدود رہے۔

محترم قارئین ہم دوست احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو ہمارے کالم پڑھ کر اور ہمیں کال کر کے ہماری حوصلہ افزائی فرماتے ہیں کچھ دوست اپنے من پسند سیاستدان کا زائچہ بنانے کا مشورہ دیتے ہیں ہم انکی اس خواہش کا احترام کرتے ہیں مگر کسی بھی اہم شخصیت کی تاریخ پیدائش اور وقت معلوم کرنا ایک مشکل امر ہے اگر تاریخ پیدائش معلوم ہو بھی جائے تو وقت پیدائش کا مسئلہ ہوتا ہے ہماری عادت ہے کے ہم اس معاملے میں اپنے استاد محترم سے مشورہ اور وقت و تاریخ پر تصحیح کرواتے ہیں اسکے بعد حالات اور واقعات کو مدنظر رکھ کر زائچہ بنا کر پیش کیا جاتا ہے جس کے لیے محنت اور طویل وقت بھی درکار ہوتا ہے بہر حال ہمارے مستقل کالم پڑھنے اور علم نجوم کا شوق رکھنے والے ایک دوست اور قارئین کے لیے اگلے ماہ ہمارے آبائی ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک اہم شخصیت پرنس آف پنڈی کے زائچہ پر مختصر روشنی ڈالی جائے گی۔

عزیزان من ستمبر میں لوح عطارد کا طریقہ کار لکھتے ہوئے عرض کیا تھا کہ یہ شرف کمزور ہے لہذا جن افراد کو لوح یا خاتم عطارد بنانی ہے وہ اب اوج عطارد میں وظیفہ کر سکتے ہیں اوج عطارد کے درجاتی تاریخ تو 12 اور 13 اکتوبر ہے مگر اس وظیفہ کو آپ 15 اور 16 اکتوبر میں بھی کر سکتے ہیں کہ جب عطارد و زہرہ قران میں ہونگے جستجو کرنے والے اہل علم و فن کیلئے یہ تاریخ قابل اعتراض نہیں البتہ متعصب لکیر کے فقیر اور بے تکی دلیل والے حضرات سے معذرت۔

اکتوبر میں سیارے ملکی سیاسی میدان

تحریر: چوہدری فیصل محمود (لندن)

محترم قارئین کرام! اکتوبر میں شمس کو ہبوط، عطارد کو اوج، اور مریخ درجہ حضیض سے گزریگا۔ 07 تا 20 اکتوبر ملکی سیاست کیلئے اہم ثابت ہو سکتے ہیں کیونکہ ان ایام میں 11 اکتوبر کو زہرہ مریخ تربیع قائم ہوگی۔ بوقت درجہ تربیع زہرہ حالت رجعت میں ہے۔ 12 اکتوبر عطارد زحل تسدیس ہے اور 16 اکتوبر عطارد زہرہ قران کی وجہ سے نو منتخب حکومت کو کئی مسائل کا سامنا پڑ سکتا ہے۔ یہ خاص ایام اس وجہ سے بھی ہیں کہ جذباتی فیصلوں پر عطارد زہرہ قران اثر انداز ہوتا ہے۔ بوقت قران حکومت وقت صدر یا وزیر اعظم کوئی بھی ایسا جذباتی بیان نہ دیں جو کہ بعد میں ان کے گلے پڑ جائے لیکن ایسا ہونا زیادہ نظر آتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اچانک تبدیلیوں اور سازشوں کا سیارہ ان سے یہ سب کچھ کروا جائے۔ حالات ان ایام میں اچھے نظر نہیں آتے شمس کا درجہ ہبوط پر آنا اور اسی وقت میں مریخ کا بھی درجہ حضیض سے گزرنا اس بات کا عندیہ دیتا ہے کہ کوئی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ملک کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور اس خونی حادثہ سے ہم سب کو محفوظ رکھے۔ سیارگان کے درمیان ایسی نظرات اور درجات قائم ہو رہے ہیں کہ جن میں کشیدگی بڑھنے کا خطرہ ہے حکومتی جماعت ہو یا اپوزیشن صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا ورنہ دشمن اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب ہوتا نظر آ رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر دشمن کی چالیں بے نقاب ہو جائیں گی۔

سیارہ مشتری زائچہ کے خانہ 5 پر عقرب کا ہو کر قابض ہے۔ مشتری کے یہ آخری درجات دشمن کی کاروائیوں کو بے نقاب کرتے نظر آ رہے ہیں مگر اس دوران عوام پر مہنگائی کا طوفان بھی آ سکتا ہے۔ اشیاء خورد و نوش یا بنیادی ضروریات کی اشیاء کی قیمتیں بھی بڑھ جانے کا اندیشہ ہے چند اہم سیاسی راہنما جو کہ اپنے جماعتوں کے اہم منصب پر فائز ہیں بالخصوص حکومتی جماعت کے اہم سیاسی راہنما ہر لحاظ سے محتاط رہیں کوئی حادثہ رونما ہونے کا امکان ہے۔

اکتوبر کا پورا ماہ ملے جلے اثرات ظاہر کرتا ہے لیکن آخری عشرہ کچھ بہتری کے اشارے بھی دے رہا ہے۔ وزیر اعظم عمران خان نیازی ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر کچھ نئے منصوبوں کے شروع کرنے کا بھی حکم دے سکتے ہیں۔ آخری عشرہ میں وزیر اعظم کی مصروفیات میں اضافہ ممکن ہے یہ بھی ممکن ہے کہ بیرون ملک کا دورہ کرنا پڑ جائے اور یہ دورہ جدید ٹیکنالوجی کا ملک میں استعمال اور اس ٹیکنالوجی سے ملکی منصوبوں کو متعارف کروانا بھی مقصد ہو سکتا ہے۔ سیارگان کی نشست اور نظرات سے اس بات کا بھی عندیہ ہے کہ وزیر اعظم عمران خان اپنے ہمراہ بہت مختصر لوگوں کو لے کر جائیں۔ وزیر اعظم کے اس ماہ کے دوروں سے تعلقات بہتر ہونگے جس کے مثبت اثرات ملکی معیشت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں اور ملکی مزید ترقی کی طرف گامزن ہوگا۔ زائچہ میں مریخ دلو کا ہو کر آٹھویں پر قابض ہے۔ دلو میں مریخ کو حضیض ہے یہ تو واضح اشارہ ہے کہ کچھ نہ کچھ بڑی گڑبڑ ہونے کو ہے۔ ملک کو انتشار اور دشمنوں کے ناپاک ارادوں سے بچانے کیلئے ضروری ہے کہ قبل از وقت ہوشیار رہا جائے اور بہتر لائحہ عمل تیار کیا جائے۔

کسی بھی حادثہ یا پریشانی سے بچنے کیلئے اکتوبر میں ہر برج کے افراد اپنا صدقہ ضرور دیں ضروری نہیں کہ سیارگان کا اتار چڑھاؤ اور غیر مناسب درجات صرف سیاست دانوں کو ہی متاثر کریں۔

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 — ادارہ روحانیات

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	11	07:10 تا 08:08	13:58 تا 14:56	شمال مغرب	20:56 تا 21:58	شمال مشرق

حاسدین کو مرتبہ سے گرائیں

(مقصد عمل) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کے لیے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے وظیفہ کیا جا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ وظیفہ نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین ومخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس وظیفہ کو کر سکتے ہیں۔

(وظیفہ) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں ان شاء اللہ آپ کا دشمن مقہور ہوگا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس وظیفہ میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 500 روپے کی نمکیں چیز بچوں میں تقسیم کر دیں، وظیفہ کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	12	07:10 تا 08:08	13:58 تا 14:56	شمال مشرق	23:00 تا 00:00	شمال

ترقی ملازمت

(مقصد وظیفہ) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کہ خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو اس وظیفہ سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(وظیفہ) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شا اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

عطارد قران زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	16	08:10 تا 10:05	14:51 تا 16:46	جنوب مغرب	21:54 تا 23:59	مغرب

خاتمہ بندش نکاح

(مقصد وظیفہ) اس وظیفہ سے ایسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی مطلوبہ شخص سے شادی کے خواہش مند ہوں یا ان کی شادی میں رکاوٹیں ہوں یا نکاح کی بندش کی گئی ہو۔ یہ وظیفہ ایک طلسم پر مبنی ہے۔ طلسمات میں ایک خاص قوت ہوتی ہے جو کہ فوری اثر انداز ہوتے ہیں۔

(وظیفہ) قبل از وقت چھوٹی مکھی کا شہد حاصل کر لیا جائے۔ اول 20 بار درود شریف + اسم "یاودود" کا ورد 4000 بار +20 بار درود شریف + 7 قطرے اپنے خون کے شہد میں حل کر کے رکھ لیں۔ جس شخص کو اپنے تابع کرنا ہو اس کو یہ شہد کھلا دیں ہمیشہ کے لئے مسخر ہو جائے گا ہر طرح کا حکم بجا لائے گا۔ اس کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں۔

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	19	07:13 تا 08:10	13:54 تا 14:51	شمال مغرب	20:51 تا 21:54	شمال مشرق

کاروباری بندش کرنا

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔

یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے وظیفہ کیا جا سکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے وظیفہ کی قوت سے کام لیا جا سکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ وظیفہ کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلا وجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو اس کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(وظیفہ) درج بالا ساعتوں میں سہہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سہہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کر دیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس وظیفہ کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از وظیفہ استخارہ لازمی کریں کیونکہ وظیفہ نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت وظیفہ ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ وظیفہ عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جا رہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جا سکے۔

زہرہ تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	24	08:13 تا 09:10	11:58 تا 12:55	مغرب	18:40 تا 19:44	جنوب

مفت کی دولت حاصل کرنا

(مقصد وظیفہ) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جا سکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جا سکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال و جائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں وظیفہ کر سکتے ہیں۔

(وظیفہ) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے مالی یا روحانی یا والدہ سے وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کر دے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاء اللہ تعالیٰ چندیوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ و آیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی وظیفہ ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

زہرہ قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	26	06:21 تا 07:17	14:47 تا 15:44	شمال مغرب	22:55 تا 23:58	شمال مشرق

تسخیر امراء

(مقصد وظیفہ) اس نظر کے تحت کسی دولت مند شخص کی تسخیر باندھنے کیلئے یا مسلط امراض دل و جگر کیلئے یہ وظیفہ کئے جا سکتے ہیں لیکن وظیفہ شروع کرنے سے قبل استخارہ لازمی کریں اگر ذیل کے وظیفہ کو ناجائز استعمال کیا تو سخت رجعت کا خطرہ ہے۔

(وظیفہ) تانبہ کی تختی پر **یا مذل یا منتقیم یا جبار یا قھار** کے عدد شمسی برآمد کریں۔ ایسے ہی دشمن کے نام کے عدد شمسی بھی حاصل کریں۔ جس مقصد کیلئے نقش بنانا ہو اس مقصد کے عدد شمسی بھی برآمد کر کے ان میں قانون کے عدد 900 کا اضافہ کریں۔ کل مجموعہ اعداد کو مربع آتشی معکوس سے پُر کریں۔ سرخ کپڑے میں لپیٹ کر ریت سے بھرے ڈبہ کے درمیان رکھ کر آگ پر رکھ دیں یا تندور میں دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ مطلوبہ مقصد جلد حاضر ہوگا۔ ایک بار پھر تنبیہ کئے دیتا ہوں کہ درج بالا وظیفہ معمولی رنجش کی بناء پر ہرگز استعمال نہ کریں۔ استخارہ کر کے وظیفہ شروع کریں

شمس تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	28	06:21 تا 07:17	12:55 تا 13:51	شمال	19:44 تا 20:47	مشرق

خاتمہ بندش روزگار

(مقصد وظیفہ) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے وظیفہ کیا جاسکتا ہے۔ محترم قارئین وظیفہ سے قبل اور بعد صدقہ لازمی دیں۔

(وظیفہ) اس وظیفہ میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چاول اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوارہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھالیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے کیساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد قران مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	29	08:13 تا 09:10	14:47 تا 15:44	مشرق	21:51 تا 22:55	جنوب مشرق

تسخیر محبوب مال و دولت

(مقصد وظیفہ) یہ نظر حب و تسخیر محبوب سے ملاقات، محبوب کو پیغام بھیجنا، مال و دولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائیگی۔

بیشتر قارئین نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے وظیفہ کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کر سکتے ہیں انشاءاللہ اگر نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔

(وظیفہ) جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ دیئے گئے جدل پہلی ساعت میں زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت **یغنھم اللہ من فضلہ** (سورۃ النور آیت نمبر 33) کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔ باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اول روز سے ہی حصول انعام کی نیت رکھ کر آغاز کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کر دیں۔ اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔ نقش کے اوپری جانب **یا صوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔ نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال و دولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہوا ایسی خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال و دولت کا حصول بہت آسان ہو جاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔

مثال سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مثلاً

نام سائل	محمد علی	202
اعداد آیت:۔ **یغنھم اللہ من فضلہ**		2186
اسم الٰہی	**یا منعم**	211
	میزان	2599

ھبوط شمس

سیارہ شمس کو میزان کے 19 درجہ پر ہبوط ہوتا ہے وہ نحس درجہ ہوتا ہے جہاں پر شمس اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے یعنی اس سے ملنے والے پھل مثلاً عزت دولت شہرت سب کچھ نحس ہو جاتے ہیں۔ جبکہ اسی کے مقابل حمل کے 19 درجہ پر جو کہ 8 یا 9۔ اپریل کو آتا ہے سیارہ شمس اپنی بھرپور طاقت میں ہوتا ہے ماہ رواں میں شمس حالت نحس سے گزر رہا ہے مندرجہ ذیل تواریخ میں سیارہ شمس درجہ ہبوط سے گزرتے ہوئے خاص طور پر حملی اسدی اور قوسی افراد کیلئے پریشان کن ثابت ہو سکتا ہے۔ اس سال ہبوط شمس 11 اکتوبر بروز جمعرات 08 بجکر 16 منٹ تا 12 اکتوبر بروز جمعہ صبح 08 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران دشمن کے مال و زر کی بربادی کسی کو مرتبہ سے گرانے کیلئے، ظالم کو سزا دینے کیلئے، یا ظالم حکمران یا دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے اس خاص وقت میں خاص وظائف کئے جاتے ہیں۔

ساعت اول:۔ 11 اکتوبر بروز جمعرات 08:16 تا 09:07 (شمال مشرق)

ساعت دوئم:۔ 11 اکتوبر بروز جمعرات 14:56 تا 15:54 (شمال مشرق)

ساعت سوئم:۔ 11 اکتوبر بروز جمعرات 21:58 تا 23:00 (شمال)

ساعت چہارم:۔ 12 اکتوبر بروز جمعہ 05:10 تا 06:12 (شمال)

اوج عطارد

سیارہ عطارد کو برج عقرب کے 5 درجہ پر اوج حاصل ہوتا ہے شرف کے بعد یہ دوسری سعد قوت ہوتی ہے لیکن سیارہ عطارد کا اوج بہت زیادہ خاص اہمیت

اس لئے بھی رکھتا عطارد زحل تسدیس قائم ہو رہی ہے زحل پلوٹو کے ہمراہ اپنے طبعی گھر جدی میں موجود ہے۔ یہ سعد قوت عطارد کو مزید تقویت بخشتی ہے۔ عقرب میں موجود زہرہ حالت رجعت میں ہے جو کہ خواتین سے متعلق امور کو نحس کرتی ہے۔ مشتری کا قیام بھی عقرب میں بہتری کا اشارہ دیتا ہے۔ اس خاص موقع پر حصول اولاد، اہل علم، ترقی علم و عقل دفع ذہنی امراض، مقدمہ میں جیت اور پنچائیتی فیصلوں میں غلبہ دشمن ایسے طالب علم جو کہ تعلیمی میدان میں ناکام رہتے ہوں یا عزیز رشتہ داروں کی تسخیر کیلئے خاص الواح یا وہ افراد جو کہ خاص شخص سے شادی سے خواہشمند ہوں لیکن اس کے والدین راضی نہ ہوں ایسے تمام افراد نادر اور نایاب موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے الواح اور نگینہ عطارد تیار کیے جاتے ہیں۔ اس سال اوج عطارد 12 اکتوبر بروز جمعہ 20:02 تا 13 اکتوبر 11:49 کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے اوجی درجات کسی بھی سیارے کی انتہائی سعد قوت ہوتی ہے۔ یہ وقت مبارک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس وقت آپ مٹی کو ہاتھ لگائیں تو وہ بھی سونا بن سکتی ہے۔ اس دوران ہمیں صرف تین ساعتیں میسر آئینگی ان مبارک ساعتوں میں اپنے مقصد کے مطابق وظیفہ تیار کر سکتے ہیں یا نگینہ شرف عطارد منجم کیا جا سکتا ہے اور خاص اسم الہیٰ سلام عطارد کی برکت سے اعمال طلسمات الواح تیار کی جا سکتی ہیں۔ ملے جلے رنگوں کا استعمال کریں۔ اچھی خوشبو بطور بخور یا اگربتی سلگائیں۔ ہر لوح کی پشت پر **طلسم عطارد** ضرور کندہ کریں۔ دھات تانبا موثر رہیگی جو کہ جلد اثرات ظاہر کریگی۔

یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یَاقَوِیُّ یَا قَابِضُ کا ورد کریں۔

سلام عطارد **السلام و علیکم یا عطارد اشکائیلُ یا فلق۔**

ساعت اول:۔ 12 اکتوبر بروز جمعہ 20:56 تا 21:58 (شمال)

ساعت دوئم:۔ 13 اکتوبر بروز ہفتہ 04:08 تا 05:10 (مشرق)

ساعت سوئم:۔ 13 اکتوبر بروز ہفتہ 11:03 تا 11:49 (مشرق)

حضیض مریخ

سیارہ مریخ کو خون خرابی جنگ و جدل کا سیارہ مانا گیا ہے آسمانی درجات میں مریخ سپہ سالار فلک کہلاتا ہے مذکر جنس کے حامل اس سیارہ کو ہمت بہادری غلبہ دشمن جنس مخالف پر غلبہ جیسے امور میں بہت سازگار مانا جاتا ہے۔ جب یہ سیارہ اپنے سعد درجات پر ہوتا ہے تو اس سے متعلقہ قوتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے جب یہ سیارہ اپنے نحس بروج یا درجات پر ہوتا ہے تو اس کی مثبت قوتیں منفی ہو جاتی ہے ایسے افراد جن کا تعلق برج حمل یا عقرب سے ہو خاص طور سے وہ افراد جو کہ مریخ کے زیر اثر ہوں اور وہ افراد جن کا تعلق حمل عقرب سمیت سرطان، میزان اور دلو سے ہو۔ سیارہ مریخ کے نحس دور میں جسمانی و روحانی امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ مریخ کی نحس قوتوں سے بچنے کیلئے صدقہ مریخ ضروری ہے۔ امسال سیارہ مریخ درجہ حضیض سے گزر رہا ہے۔ برج دلو کے 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو یہ سیارہ حضیض (نحس حالت) ہو جاتا ہے۔ درجہ حضیض کی وجہ سے یہ سیارہ اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے۔ اس دوران دشمن کو کمزور کرنا معدہ، خرابی خون، جلدی یا جنسی امراض میں مبتلا کرنا، دشمن کو کمزور یا ذلیل و خوار کرنا، دشمن پر خوف دہشت اور وہم، جنات و جادو مسلط کرنا جیسے طلسمات تیار کئے جاتے ہیں یعنی درجہ حضیض ہر لحاظ سے وظیفہ شر میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ ایسے افراد جو کہ درج بالا امور سے متعلق دشمنوں کیلئے کچھ کرنا چاہیں تو ضروری ہے کہ پہلے استخارہ کریں یا ادارہ سے اجازت لیں تاکہ رجعت سے محفوظ رہا جا سکے۔ اس سال 26 اکتوبر بروز جمعہ 02:19 تا 28 اکتوبر بروز اتوار 08:04 مریخ برج دلو کے 19 درجہ سے گزریگا۔ اس دوران مریخ کی تمام ساعتیں درج بالا امور میں مددگار ثابت ہونگی خاص طور سے وہ ساعتیں جو کہ غروب آفتاب کے بعد اور طلوع آفتاب سے قبل ہوں طاقت رکھتی ہیں، لیکن اس سال بوقت حضیض مریخ دلو کا ہو کر زائچہ کے خانہ 2 پر قابض ہے۔ خانہ 2 کا تعلق نفع، مال اور کاروبار سے بھی ہے۔ اس خانہ میں بیٹھ کر اپنے ہی طبعی برج عقرب میں موجود سیارگان مشتری عطارد زہرہ اور شمس کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہا ہے۔ بوقت درجہ حضیض مریخ زہرہ شمس قران بھی قائم ہے یہ قران نحس ترین ہو جاتا ہے دوسری جانب زحل طالع میں موجود درجدی اپنے طبعی گھر میں پلوٹو کے ہمراہ ہے۔ زہرہ سے نظر تسدیس قائم کر رہا ہے لہذا مریخ کا ان ایام میں درجہ حضیض پر آنا نحس ترین ثابت ہوتا ہے۔

ساعت اول:۔ 26 اکتوبر بروز جمعہ 17:36 تا 18:40 (شمال مشرق)

ساعت دوئم:۔ 27 اکتوبر بروز ہفتہ 01:02 تا 02:06 (شمال مشرق)

ساعت سوئم:۔ 27 اکتوبر بروز ہفتہ 08:13 تا 09:10 (شمال مشرق)

ساعت چہارم:۔ 27 اکتوبر بروز ہفتہ 14:47 تا 15:44 (شمال مشرق)

ساعت پنجم:۔ 27 اکتوبر بروز ہفتہ 21:51 تا 22:55 (شمال)

ساعت ششم:۔ 28 اکتوبر بروز اتوار 05:17 تا 06:26 (شمال)

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

مجرب حاضرات

تحریر
سید طارق علی زیدی
(کراچی)

بچپن میں میرے ایک دوست کے والد روحانی معالج تھے۔ بیشمار لوگ اُن سے فیض حاصل کرتے تھے۔ میرے وہ دوست اکثر و بیشتر اپنے والد کے ساتھ پیش آنے والے روحانی واقعات کا ذکر کرتے تھے۔ مجھے بھی شوق پیدا ہوا کہ میں بھی اُن کی طرح سے لوگوں میں مشہور ہو جاؤں اور روحانی فیض تقسیم کروں بچپن تھا وقت گزرتا گیا میرے اس شوق میں مزید اضافہ ہوتا گیا۔ بچپن میں جنات' پریوں' روحانی واقعات کی چھوٹی موٹی جو بھی کتابیں ملتیں خرید لاتا پھر کچھ شعور بہتر ہوا۔ اس نتیجہ پر پہنچا کہ دوست کے والد حاضرات کیا کرتے تھے۔ یہ شعبہ ایسا دلچسپ لگا کہ میں نے بھی حاضرات سیکھنے کا مکمل ارادہ کرلیا۔ دوست کے والد جو کہ اب کافی ضعیف ہو چکے تھے گھنٹوں جا کر اُن کے پاس بیٹھ جاتا اور اپنے شوق کی پیاس بجھانے کیلئے اُن سے مختلف سوالات کرتا اور اُن کے طریقہ جات اپنی بیاض میں نوٹ کرتا۔ پھر میرا رابطہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے ہوا۔ ملاقات سے قبل بہت عجیب وغریب سے خیالات اُن کی شخصیت بارے آتے تھے مگر جب ملاقات ہوئی تو میں نے اُن کو روحانیت کا سمندر پایا۔ بغیر کسی لالچ کے حاضرات اور دیگر روحانی علوم بارے ایسی ایسی معلومات دی جو کہ ہزاروں کتابیں کنگالنے کے باجود نہ ملیں۔ جب سے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا معتقد ہو گیا ہوں دل وجان سے اپنا پیر ومرشد مانتا ہوں۔ بلاشبہ ماہر روحانیات میرے روحانی باپ ہیں۔

حاضرات بارے چند قواعد اور طریقہ کار آپ دوستوں کی خدمت میں بھی پیش کر رہا ہوں پسند آئے تو اپنے پیغامات ادارے کو ضرور پہنچائیں۔

حاضرات کے کئی طریقے ہیں اگر آپ حاضرات کے قانون وقواعد سے واقف ہیں تو ذیل کے طریقہ جات پر وظیفہ کر کے آپ حاضرات میں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ یہ سلسلہ آئندہ ماہ بھی جاری رہیگا۔

حاضرات کرنے کا طریقہ نمبر1:۔ یہ طریقہ وقت کے اعتبار سے بہت آسان ہے لیکن اس لحاظ سے بے حد مشکل ہے کہ ایک ہی نشست میں سوالاکھ مرتبہ پڑھنا ہے اور انسانی تقاضا ہے کہ جسم کچھ گھنٹے سے زیادہ برداشت نہیں کرتا۔ تاہم اگر کسی کو لمبی نشست میں بیٹھنے اور وظائف پڑھنے کی مشق ہو تو ان کے لئے کوئی دشواری نہیں ہوگی۔ اس وظیفہ کی شرائط یہ ہے کہ بالکل تنہائی کا مقام ہو۔ عود جلائیں، نیا لباس پہنیں، خوشبو لگائیں، خوشبودار پھول اپنے پاس رکھیں۔ بدبودار چیز پورے دن نہ کھائیں مثلاً پیاز لہسن وغیرہ۔ اس وظیفہ کے لئے حصار اس طرح کریں کہ چاروں قل شریف اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کر کے اسی چھری سے اپنے گرد گول دائرہ کی صورت میں حصار کھینچ دیں۔ وظیفہ شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز ادا کریں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر **اذا جا ء نصر اللہ** دس مرتبہ پڑھیں۔

وظیفہ کے اختتام پر ایک جن عورت آ کر سلام کرے گی۔ اگر وظیفہ پورا ہو چکا ہے تو کسی قسم کا خوف نہ کھائیں اور سلام کا جواب دے کر اس سے عہد لیں کہ میں جب بھی کسی خدمت کے لئے تمہیں بلاؤں تو تمہیں حاضر ہونا پڑے گا۔ وہ وعدہ کرے گی اور کوئی نشانی بھی دے گی اور آئندہ حاضری کا طریقہ بھی بتا دے گی۔ نوے ہزار جنات اس کے تابع ہیں۔ جنات تابع کرنے کی خواہش رکھنے والے حضرات یہ بات یاد رکھیں کہ یہ کام کمزور دل اور کمزور بدن والوں کے بس کی بات نہیں ہے۔ اس طرح کے وظائف کرنے کے لئے تندرست اور صحت مند ہونا بے حد ضروری ہے بصورت دیگر نقصان کا احتمال ہوگا۔

عبارت حاضرات یہ ہے کہ سوالاکھ **یا شمعلونی**

حاضرات کرنے کا طریقہ نمبر 2:۔ اس وظیفہ کا یہ طریقہ ہے کہ آبادی کے باہر کسی پاکیزہ مقام پر حصار کھینچ کر خوشبو معطر کر کے پھر بعد نماز عشاء شروع کریں۔ چالیس روز تک ورد کریں۔ وقت اور جگہ کی پابندی رکھیں ترک حیوانات اور پرہیز جلالی و جمالی دونوں کا ہے۔ آخری عشرے میں ڈراؤنی اور خوفناک چیزیں نظر آئیں گی اور آخری رات مختلف قسم کے جانور اور وحشت ناک قسم کے انسان اور برہنہ عورتیں نظر آئیں گی اگر روحانی معالج بے خوف رہا اور حصار سے باہر نہ آیا اور وظیفہ مکمل کر لیا تو صبح صادق کے وقت شاہ جنات اپنے مصاحبین کے ساتھ حاضر ہوگا اور طلب کرنے کا سبب دریافت کرے گا اور پھر ہمیشہ کے لیے ان شاء اللہ

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان
ادارہ روحانیات

روحانی معالج کا مطیع ہو جائے گا بشرطیکہ نیت صاف ہو اور دنیا کمانے کی نہ ہو بلکہ خدمت خلق کی ہو اور رزق حلال کا عادی ہو۔

سورۃ مزمل 106 بار سورۃ جن 07 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

حاضرات کرنے کا طریقہ نمبر3:۔اس طریقہ حاضرات میں جواب تحریر کے ذریعے ملتا ہے طریقہ کامیاب ہے۔روحانی معالج کو شروع میں تھوڑی سی محنت کرنا پڑے گی۔طریقہ اس طرح ہے کہ نوچندی جمعرات کو خلوت میں بیٹھ کر وظیفہ کی شروعات کریں۔دوران وظیفہ احرام باندھیں اور خوشبو خاصی مقدار میں لگائیں۔اپنے سامنے بند چاقو رکھیں اور چنبیلی کے پھول یا جو پھول میسر ہوں رکھ لیں روبہ قبلہ ہو کر 405 مرتبہ مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھیں۔اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔20 دن لگاتار وظیفہ پڑھنے کے بعد ایک دن ناغہ کر دیں۔اس کے بعد پھر بیس دن پڑھ کر ایک دن ناغہ کر کے ایک کاغذ پر اپنا سوال لکھ کر مصلے کے نیچے رکھ دیں اور کمرہ بند کر کے تالا لگا دیں۔ان شاء اللہ اگلے دن جواب تحریر میں ملے گا۔اگر خدانخواستہ جواب نہ ملے تو 20 دن مزید وظیفہ کریں۔60 دن میں بفضل تعالیٰ وظیفہ لازماً کامیاب ہو جاتا ہے۔ایک بار کی کامیابی کے بعد ہمیشہ کامیابی ملتی رہے گی۔

ایک کاغذ پنسل پر سوال لکھ کر 405 مرتبہ اس پر وظیفہ پڑھ کر دم کر کے اپنے تکیے کے نیچے رکھ کر روحانی معالج سو جائے۔ان شاء اللہ صبح کو اسے اپنے سوال کا جواب مل جائیگا۔

عبارت حاضرات یہ ہے **قُلْ اُوحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا یَّهْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا به اُحْضُرُوْنَا خُدَّامُ هٰذَاهِ السُّوْر بِحَقِّ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی صَلَی اللّٰه عَلَیْه وَسَلَّمْ۔**

حاضرات کرنے کا طریقہ نمبر4:۔اب حاضرات کے وہ معتبر طریقہ لکھ رہا ہوں جن میں کامیابی کامل جانا یقینی ہے لیکن روحانی معالج کو ان اعمال میں کامیابی حاصل کرنے کے ان کی زکات ضرور ادا کرنی چاہئے۔زکات ادا نہیں کرے گا تو کامیابی محض اتفاقی ہو گی لیکن اس حاضرات استفادہ کرنے کیلئے ضروری ہے کہ پہلے روحانی معالج بسم اللہ کی زکات ادا کرے۔بسم اللہ کی زکات ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ 3125 مرتبہ روزانہ لگاتار 41 دن تک **بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق اجب یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل** اس نوچندی جمعرات سے جس میں چاند عقرب میں نہ ہو زکات کی شروعات کرے۔دوران چلہ جھوٹ وغیبت الزام تراشی اور لایعنی گفتگو سے خود کو بچائے اور زیادہ وقت عبادت و ریاضت یا خاموشی اور تنہائی میں گزارے۔نماز باجماعت کا اہتمام رکھے۔اکثر باوضو رہنے کی کوشش کرے۔اکتالیسویں دن 19 غریبوں کو کھانا کھلائے اور اس کا ثواب حضور اکرمؐ کے طفیل تمام بزرگوں کو پہنچائے۔اس طرح ان شاء اللہ بسم اللہ کی زکات ادا ہو جائے گی۔اس کے بعد جب حاضرات کرنی ہو تو بسم اللہ کا نقش حرفی جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں لکھ کر رکھ لے اور اس کے سولہویں خانے میں (بہ اعتبار چال آتشی) سیاہی بھر دے اور حاضرات کے وقت سیاہی پر خوشبو لگائے۔چاہئے کہ حاضرات مکمل تنہائی میں کرے اور بند کمرے میں کرے۔کمرے میں زیادہ روشنی نہ ہو۔اگر اندھیرا ہو تو چراغ یا نائٹ بلب جلائے۔تیز روشنی کا بلب استعمال نہ کرے۔

حاضرات کے وقت ایک سفید رنگ کی چادر زمین پر بچھائے۔روبہ قبلہ بیٹھے اور اپنے سامنے ایک مٹی کی کوری ہانڈی الٹی کر کے رکھ لے اور اس پر مٹی کا کورا چراغ رکھے۔اس میں سرسوں کا تیل ڈالے اور نئی روئی کی بتی بنا کر اس میں چراغ جلائے اور چراغ کے برابر کسی نابالغ بچے کو بٹھائیے اور اس کے ہاتھ میں بسم اللہ کا نقش پکڑا دے کچھ مٹھائی منگا کر رکھ لے۔دوران وظیفہ ارد ایک ایک کر کے بچے کے سینے پر مارتا رہے اور عزیمت پڑھتا رہے اور بچے کو تاکید کرے کہ وہ نقش کے سیاہ خانے کی طرف دیکھتا رہے۔ادھر ادھر اپنا دھیان نہ دے۔حاضرات سے پہلے ضروری ہے کہ اپنا اور بچے کا حصار کرے تاکہ خطرات اور رجعت وظیفہ سے محفوظ رہے ایک اندازے کے مطابق 21 مرتبہ عزیمت پڑھنے کے بعد حاضرات کھل جائے گی۔خدانخواستہ حاضرات نہ کھلے تو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔پھر دوسرت بار 21 مرتبہ عزیمت پڑھیں۔ان شاء اللہ حاضرات کھل جائے گی۔بالعموم 21 مرتبہ پڑھنے سے حاضرات کھل جاتی ہے ورنہ 63 مرتبہ پڑھنے سے تو حاضرات کھل ہی جاتی ہے۔

سب سے پہلے ایک موکل حاضر ہوگا جو ضعیف العمر ہوگا۔سفید لباس میں ہوگا۔وہ اپنا نام عبدالاحد بتائے گا۔چند ساعتوں کے بعد دوسرا موکل حاضر ہوگا۔یہ درمیانی عمر کا محسوس ہوگا۔یہ سبز رنگ کے لباس میں ہوگا۔یہ اپنا نام عبد الصمد بتائے گا۔چند منٹ کے بعد تیسرا موکل حاضر ہوگا۔یہ بھی سبز رنگ کا لباس میں ہی ہوگا۔یہ جوان محسوس ہوگا۔یہ اپنا نام عبدالرحمٰن بتائے گا۔چند منٹ کے بعد چوتھا موکل حاضر ہوگا۔یہ سفید لباس میں اور درمیانی عمر کا ہو

گا۔ یہ اپنا نام عبدالرحیم بتائے گا۔ جب بچہ بات کی تصدیق کر دے کہ چاروں موکل حاضر ہو گئے ہیں تو بچے سے کہے کہ عبدالاحد موکل کو ہمارا اسلام پہنچاؤ اور اس سے کہے کہ فلاں ابن فلاں پر جو اثرات ہیں انہیں اللہ کے حکم سے اور ہماری فرمائش پر زائل کر دے اور اس سلسلے میں ہمارے مریض کی مدد کرے اور بحق عزیمت ہمیں اس کی تفصیل سے آگاہ کرے۔ عبدالاحد نامی موکل عبدالصمد کو اشارہ کرے گا اور چند ہی منٹ کے بعد وہ جنات کو قید کر کے لے آئے گا جو مریض کو پریشان کر رہے ہیں۔ عبدالصمد ان جنات کے نام اور علاقے سے پردہ ہٹائے گا اور اس وقت بچے کے ذریعے عبدالرحمٰن نامی موکل کو حکم دے کہ وہ جنات کو گرفتار کرے اور بحق عزیمت انہیں اپنی تحویل میں لے چنانچہ وہ جنات اسی وقت قید کر لئے جائیں گے۔

جب بچہ اس بات کی تصدیق کر دے کہ جنات قید کر لئے گئے اس وقت مریض کے بال پکڑ کر عبدالاحد کو ہدایت کرے کہ مریض کے جسم میں سر سے پیر تک جو بھی اثرات ہوں انہیں زائل کر دے۔ اس وقت مریض کے بدن میں عجیب طرح کے سنسناہٹ ہوگی۔ ایسا محسوس ہوگا جیسے کوئی چیز پیروں کی طرف سے سر کی طرف جا رہی ہے۔ پھر مریض کو اپنی آنکھوں میں عجیب طرح کی گرمی اور جلن محسوس ہوگی اور اس کے بعد اس کا جسم ہلکا پھلکا ہو جائے گا۔ اس کے بعد روحانی معالج عبدالاحد کو حکم دے کہ مریض کے جسم میں یا مکان میں جو بھی سفلی و علوی ٹونے وجادو کے اثرات ہوں ان کو بحرمت عزیمت کاٹ دے۔ ان شاء اللہ اسی وقت عبدالاحد عبدالرحیم کو حکم دے گا اور وہ اس طرح کے تمام اثرات کو کاٹ دے گا اور بے اثر کر دے گا۔ مریض اگر سخت پریشانی میں مبتلا ہو یہ حاضرات اس کے لئے لگاتار تین سے سات روز تک کی جائے۔ مریض معمول ہو تو ایک دن کی بھی حاضرات کافی ہے۔ اس حاضرات کے بعد مریض کو جادو ٹونہ اور آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی لیکن آپ چاہئے کہ مریض کے گلے میں بسم اللہ کا نقش عددی لکھ کر ڈال دے اور پہننے کیلئے 19 نقش مثلث کے دے دے تاکہ اثرات پلٹنے نہ پائیں۔ حاضرات کیلئے نقش جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں اس طرح تیار کریں۔ ان شاء اللہ اگر زندگی نے ساتھ دیا تو اگلے ماہ پھر حاضر ہونگا نئے مجرب حاضرات کے ساتھ۔

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 09 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

+92-300-6351192

لوح مشتری

عزت، مال و دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔

اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

ہدیہ لوح 7200 روپے 0300-6351192

لوح نجات قرض

مالی تنگدستی کی وجہ سے انسان اس لوح مبارکہ کی برکت سے چند دنوں میں ہی قرض سے نجات مل جاتی ہے۔ ذہنی پریشانی ختم ہو جاتی ہے۔ کاروبار وسیع ہو جاتا ہے۔ گھر میں خوشحالی آجاتی ہے۔ لوح مبارکہ نجات قرض پریشان حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔ سورۃ مزمل کی شان میں تین حدیث مبارکہ ہیں۔ جس میں تینوں حدیث مبارکہ کا مفہوم مصیبت، غربت، مفلسی، مشکلات، عذاب سے نجات کی خوشخبری دیتا ہے۔

سورۃ مزمل کی تجلیات و برکات سے مزین خاص سعد اوقات میں اوراد مکمل کرنے کے بعد تیار کی گئی لوح مبارکہ نجات قرض سے بے شمار لوگ فیض حاصل کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس لوح مبارکہ کے طفیل ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جو کہ انسان کے وہم وگمان میں بھی نہ ہوں۔ ہدیہ لوح 4200 روپے

لوح حصول انعام

اگر بدنصیبی، مفلسی، بے روزگاری آپ کا مقدر بن چکی ہے اور اس دکھ درد کو کم کرنے کیلئے مالی حالات کی بہتری کے لئے کئی انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے بعد ناکام ہو گئے ہوں تو لوح حصول انعام آپ کی اس خواہش کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس لوح کی برکت سے انشاء اللہ اول انعام حاصل ہوتا ہے۔ لاتعداد لوگ اس لوح سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں لوح حاصل کرنے کے لئے فوری ادارہ سے رابطہ کریں۔ تاکہ آئندہ قرعہ اندازی میں آپ انعام حاصل کر سکیں۔ ہدیہ لوح حصول انعام 7200 روپے

(قسط نمبر 4) بندش کے نایاب اعمال

فیضان الجفر

رجعت حروف صوامت کا توڑ



تحریر: شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

قارئین تحفہ روحانیات السلام علیکم! گزشتہ شماروں میں حروف صوامت کی رجعت نحوست بندش توڑ کے متعلق تین مضامین مسلسل آپ پڑھ چکے ہیں، بہت سارے لوگوں نے ان کو پسند کیا اور سراہا۔ اس سلسلہ کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے اس دفعہ پھر بحر عملیات سے حروف مقطعات نورانی کے کچھ کلمات کو کلام پاک سے تلاش و انتخاب کئے ہیں جو نہایت ہی پُر تاثیر لاجواب ہیں۔ دو مضامین کو مختصر کر کے ایک ہی مضمون میں پیش کر رہا ہوں۔

حروف مقطعات نورانی اپنے اندر بے شمار خواص اثرات و کرشمات رکھتے ہیں۔ حروف صوامت کی رجعت نحوست بندش توڑ کے علاوہ دیگر ہر قسم کی نحوست رجعت بندش جاہے وہ کسی حاسد دشمن کے کسی نحس عمل کا اثر ہو۔ یا خود پر کسی دوسرے نحس وجلالی عمل کی نحوست رجعت و بندش کے اثرات ہوں ان شاء اللہ جلد نجات وخلاصی ملے گی۔ یہ روحانی وظائف رازِ سینہ ہیں۔ اگر آپ ساری زندگی کسی اُستاد۔ عامل، پیر، فقیر، مولوی، دوست کی زیر نگرانی کیوں نہ رہیں۔ سینکڑوں خدمات اور ان کی قدم بوسی کیوں نہ کریں مگر پھر بھی ایسے نایاب وانمول نہ تحفے نہیں ملیں گے۔

حروف صوامت اگر بندش کے واسطے مجرب ہیں تو حروف مقطعات نورانی کھولنے کے واسطے مجرب ہیں۔ اس لحاظ سے حروف مقطعات نورانی کو مفتاح السورہ کہتے ہیں۔ جو لوگ حروف صوامت کی رجعت نحوست بندش کی وجہ سے پریشان ہیں وہ اس وظیفہ سے فیض حاصل کر سکتے ہیں۔

عبارت (1): کٓهٰیٰعٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ قٓ۔

اس عبارت یعنی کلمات میں کل 13 حروف ہیں اور اعداد 543 ہیں۔

حروف صوامت کے بھی کل 13 حروف ہیں اور اعداد 543 ہیں۔

عبارت 2: کٓهٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔

اس عبارت یعنی کلمات کے کل اعداد 543 ہیں جو حروف صوامت کے اعداد کے موافق ہیں۔

الواح و نقش: ۔حروف مقطعات نورانی کی عبارات یعنی کلمات سے آپ مکمل قواعد عملیات کے مطابق الواح یا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ میں نے مختصر طور پر ذکر کر دیا ہے الواح و نقش نہیں لکھا ہے آپ تیار کر کے فیض حاصل کریں اگر الواح و نقش کے بجائے صرف عبارت کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو بھی وہ ہی اثرات ملیں گے۔ عقلمند کے لئے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

زکات: شمارہ اگست قسط نمبر 1 میرے مضمون میں دیکھ لیں۔ یا آئندہ شمارہ میں زکات کا طریقہ پھر دوبارہ پیش کیا جائے گا۔ دیکھ لیجئے گا۔ مزید تفصیلات کے لئے میری کتاب ''اسرار حروف صوامت'' (حصہ اوّل و دوم) یا بیاض منظور (حصہ، اوّل و دوم) کا مطالعہ فرمائیں۔

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے تک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

کرشماتِ بخاری

رُفع نحوست ورجعت

تحریر:۔شیخ عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین محترم !السلام علیکم !دعا ہے کہ اللہ پاک ہم سب کو سلامت رکھے اور اپنی امان دے آمین۔ میرے آج کے مضمون کا عنوان ''رُفع نحوست و رجعت'' ہے۔ وظائف کی دنیا میں بہت کام لوگ کامیاب ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے اُستادوں سے رہنمائی لے کر سیکھتے ہیں، وظائف تب کامیاب ہوتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو ناکام ہوتے ہیں، بغیر اُستاد کی رہنمائی کے لئے وظیفہ کر جاتے ہیں جس سے وہ رجعت میں آجاتے ہیں نہ صرف وہ بلکہ تمام گھر والے بھی رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ آپ قارئین کو بتانا چاہتا ہوں کہ رجعت کتنی خطرناک ہوتی ہے اور کیسے اور کیوں ہوتی ہے؟

رجعت کے لفظی معنی واپسی، لوٹنا، پلٹنا کو ظاہر کرتا ہے مزید وضاحت ذیل ہے۔

(1) کسی اُستاد یا مرشد کی اجازت کے بغیر وظیفہ کرنا یا پڑھنا۔

(2) قرآن مجید آیت کو معکوس کر کے تباہی دشمن کیلئے ناجائز استعمال کرنا۔

(3) اعمال جفری میں کسی غلطی کا ہو جانا یا مؤکلت کا غلط بن جانا۔

(4) اعمال علوی یا سفلی میں الفاظ کو غلط یا بے ترتیب پڑھنا۔

(5) کسی وظیفہ کو اپنی مصروفیت سے پہلے ہی ادھورا چھوڑنا۔

(6) رجال الغیب کو مدنظر نہ رکھنا۔

(7) وظیفہ کرنے سے پہلے حصار بھول جانا یعنی حصار نہ کرنا۔

(8) اس کے علاوہ اور بھی بہت ساری شرائط ہوتی ہیں جن کو مکمل نہ کرنے کی وجہ سے رجعت واقع ہو جاتی ہے۔

رجعت کے اثرات کی وجہ سے دماغ کمزور ہو جاتا ہے۔ نظر کمزور ہو جاتی ہے، ہر کام میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں اور جسمانی اعضاء بے کار ہو جاتے ہیں، ہر کام میں نقصان ہوتا ہے، رزق میں ناکامی ہوتی ہے، ہر کام میں بندش ہو جاتی ہے۔ خوشیاں غموں میں بدل جاتی ہیں، کام بگڑ جاتے ہیں، عزت و شہرت وقار کم ہونے لگتی ہے اور ایک بات یاد رکھیں بعض اوقات سیارگان کی نحوست کی وجہ سے بھی ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں کسی ماہر منجم سے زائچہ بنوا کر سیارگان کی پوزیشن معلوم کر سکتے ہیں، مجھ سے بھی زائچہ بنوا سکتے ہیں۔

رُجعت بہت خطرناک ہوتی ہے۔ لہٰذا روحانی وظائف سیکھنے والے شوقین افراد سے میری اپیل ہے کہ کسی قابل ماہر روحانیات سے اوراد و چلہ کشی سیکھیں جو کہ نحوست و رجعت سے واقف ہوں گے اور اس کا علاج جانتے ہوں گے۔ آج کل ہر بندہ یا بندی ماہر روحانیات بننا چاہتا ہے جلدی بن جائیں مگر اتنا آسان نہیں ہے، مارکیٹ میں وظائف کی لاکھوں کتابیں موجود ہیں کچھ مصنف ایسے دیکھے ہیں جو کاپی کر کے تعویزات و وظیفہ کی کتابیں لکھتے ہیں اور انہیں نحوست و رجعت کی ''ا، ب، ج، د'' نہیں معلوم ہوتی، ایسے ہی لوگوں کی وجہ سے لوگ رجعت میں آتے ہیں، بغیر اجازت والے وظیفہ کبھی بھی تحریر نہ کریں وہ وظیفہ جو آپ حضرات نے خود نہیں کئے بس اپنی کتابوں یا کسی بھی ماہنامہ میں تحریر دے دی۔ ماہر روحانیات بننا ہر کسی کے بس کی بات نہیں اور یہ سیکھنا اتنا آسان بھی نہیں، اس میں بہت پیچیدہ مسائل اور مشکلات پرہیز اور شرائط ہوتی ہیں جس کا پابند ہونا لازمی ہے، میں نے رجعت کے بارے میں قارئین محترم کو بتایا اس کا مطلب آپ سمجھ گئے ہوں گے اس کا توڑ بھی بتاؤں گا اور صاحب ورد کی حفاظت کا وظیفہ اور ان کے گھر والوں کی حفاظت و کاروبار، ملازمت کی حفاظت کا وظیفہ بھی بتاؤں گا مگر ایک اپیل ہے آپ ساتھی بھائیوں سے جو مضمون نویس ہیں آسان اور وہ وظائف تحریر کریں جو آپ نے کئے اور آپ کو کامیابی حاصل ہوئی ہو۔ میرے پاس رجعت دفع کرنے کا وظیفہ موجود ہے جو میرے اُستادوں کی رہنمائی میں محنت کے بعد حاصل ہوا ان شاء اللہ تین ماہ کے اندر ہی اندر میرے رب کی رحمت آئے گی اور تمام رجعت کے اثرات ذائل ہو جائیں گے، سب سے پہلے رجعت کو دفع کرنے کے لئے صدقہ دیں، سوا کلو کا مرغا جو سیاہ رنگ کا ہو، کچھ دن رجعت والا مریض اس مرغ کو اپنے بائیں جانب باندھ کر رکھیں، دانہ وغیرہ دیں نیت صدقہ اور رجعت نجات کی ہو، یہ وظیفہ چاند کا شروع جمعرات کو کریں اور ہفتے کی صبح طلوع آفتاب کے آدھ گھنٹے بعد اپنے مکان کی چوکھٹ پر ذبح کر دیں مگر چھری نئی ہو، یہ گوشت ایسے تقسیم کریں، ایک حصہ چیل کوؤں کو ڈال دیں، دوسرا حصہ جانوروں مثلاً بلی، کتا وغیرہ۔ تیسرا حصہ سمندری مخلوق کو دیں جب یہ صدقہ دیں ایک بات کا خیال رکھیں یہ تمام کام مغرب سے پہلے ہونا چاہئے اور پھر گھر آکر غسل کریں، غسل کے فوراً بعد سورۃ فاتحہ سات بار، سورۃ الناس

خلجی نیوز ایجنسی ،منڈی حاصل پور 0306-5507693 ادارہ روحانیات

3بار، سورۃ فلق 3بار، آیت الکرسی 5بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کریں اور پھر نماز فجر کے بعد ایک ختم کا انتظام کریں، ایک اہم بات اس وظیفہ کے بعد آپ کوئی وظیفہ نہیں کریں گے اور اگر کریں گے تو خود اپنی موت کو دعوت دیں گے۔ لہٰذا اس رجعت کے علاج کے لئے میں آپ کو سب بتاتا جارہا ہوں۔

ختم کیلئے ضروری اشیاء: ۔پانچ عدد مٹھائی پانچ رنگ کی ایک ایک ہو، دودھ ایک گلاس، پانچ عدد پھل، پانچ قسم کے ایک ایک ہو، پانچ عدد گلاب، ایک عطر کی شیشی۔

ختم کا طریقہ: ۔سب سے پہلے باوضو ہو جائیں اور لال رنگ کی چادر بچھائیں، اُس پر ختم کی اشیاء رکھیں۔ سورۃ فاتحہ 7بار، ہر قل کو 4بار پڑھیں، یہ ختم اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت سلیمان اور چہارم خلیفہ کی دیں اور دعا کے بعد یہ کہے:

''اب تک میں نے جو کچھ اعمال کئے اس کی نحوست و رجعت کے اثرات ختم فرمائیں اور الٰہی اپنے محبوب کے صدقے سے مجھ پر رحم فرما، میں آج کے اپنے تمام وظیفے کو ختم کرتا ہوں اور وظیفہ کے دوران یا بعد جو بھی غلطی ہوگی یا کوتاہی ہوئی ہو اس کی معافی چاہتی ہوں، مجھے اور میرے تمام اہل خانہ کو ہمیشہ کے لئے محفوظ رکھیں، الٰہی میری اس توبہ کو قبول فرما، بے شک تو معاف کرنے والا ہے''۔

یہ ختم تین جمعرات عصر اور مغرب کے درمیان کریں اور یہ تمام اشیاء نمازی بزرگوں میں اور نماز کے بعد دفع رجعت کے نوافل ادا کریں۔

طریقہ: ۔سورۃ فاتحہ کے تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں، اس کے یہ 500بار **استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ** ۔ کچھ ہی دنوں میں فرق محسوس کریں گے کیونکہ رجعت کا زیادہ دماغ پر ہوتا ہے اس کیلئے میں نے خاصل تیل پر دُعا رجعت کے اثرات کو ختم کرنے کا وظیفہ کیا ہے وہ میں استعمال کرواتا ہوں، کافی فائدہ ہوتا ہے، اس کے علاوہ میں پینے والے تعویز اور جلنے والے فتیلے دے رہا ہوں اور دفع رجعت کیلئے خاص تعویز تیار کرتا ہوں اس تعویز سے رجعت کے اثرات تیزی سے ختم ہوتے ہیں اور صحت و سلامتی ملتی ہے۔ اگر ایک شخص قرانی روحانی وظائف کرنا چاہتا ہے تو یہ تعویز ضرور استعمال کرے اور اس کے ساتھ دفع رجعت کی دعا اور صدقہ خاص وظیفہ کرتے رہیں گے تو کامیابی ہی کامیابی ملے گی، تعویذ نور روز میں تیار ہوتا ہے، لہٰذا جس کو چاہئے آزمالے۔ چلتا ہوں اپنے مضمون کی طرف۔ پینے والا تعویذ اپنے اندر روحانی قوت رکھتا ہے کہ نحوست و رجعت کو تیزی سے ختم کردے گا، اس تعویذ کو عطارد تثلیث قمر میں تیار کریں، 66زعفران و عرق گلاب مشک سے روزانہ صبح نہار سے شروع کریں، رات سونے تک ختم کریں۔



66دن برابر اس نقش کو پینا ہے اس کے استعمال سے کچھ ہی دنوں میں فرق آنا شروع ہو جائے گا۔

فتیلہ دفع برائے رجعت: ۔اس فتیلے کو منگل کے دن طلوع آفتاب کے ایک گھنٹے میں کالی سیاہی سے تیار کریں۔ 13عدد رات بارہ بجے کے بعد اس فتیلے ہی کی دھونی اپنے پورے جسم پر دیں، کپڑے اُتار کر اور راکھ باہر پھینک دیں اور میرے دم شدہ تیل سے سر میں مالش کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ رجعت کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

فرعون	نمرود	ابلیس	ہامان
ابوجہل	شداد	سامری	قارون
فرعون	نمرود	ابلیس	ہامان

آخر میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور مجھ سمیت تمام تحفہ روحانیات کی ٹیم کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 10اکتوبر 09:09 تا 12اکتوبر 14:52

ھبوط قمر: 10اکتوبر 00:38 تا 14:22

قمر در ثور: 24اکتوبر 19:33 تا 27اکتوبر 00:40

شرف قمر: 24اکتوبر 23:09 تا 00:57

شادی بیاہ کی تاریخیں

4.5.6.7.12.14.17.18.19.20.21.25.26

تسخیرات حاضرات مؤکلات والارواح

تحریر
حکیم نعیم الحسن
(لاہور)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے چند اعمال حاضر خدمت ہیں یہ تمام اعمال مجرب ہیں۔ حاضرات کی دُنیا بہت عجیب وغریب ہے حاضرات پر میں نے بہت سی کتب کا مطالعہ کیا اور اساتذہ کرام سے بھی اس بارے میں راہنمائی لیتا رہتا ہوں۔ بہت سے لوگ حاضرات بارے متنازعہ خیال رکھتے ہیں اور کچھ کا خیال ہے کہ اس میں کوئی حقیقت نہیں دراصل ایسے لوگ کم علمی کا شکار ہیں مجھے اُن سے کوئی گلہ نہیں اتنا ضرور کہونگا کہ تحقیق ضرور کرلیا کریں۔ یہ باقاعدہ ایک علم ہے قرآن اور روحانی علم جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں قواعد وضوابط حاضرات کا ضرور خیال رکھا جائے تو ہو ہی نہیں سکتا کہ آپ کو اس میں ناکامی ہو۔

حاضر ملکہ بلقیس

اس وظیفہ کو نوچندی منگل سے رات گیارہ بجے شروع کریں، خلوت نشیں ہوکر کسی علیحدہ کمرہ میں جو خوشبو سے معطر ہو کر اور خود پر بھی عطر لگائیں اور پاک صاف باوضو اور پاک لباس زیب تن کر کے اس وظیفہ کو باحصار استاد محترم کی اجازت سے کریں۔ اکتالیس (۴۱) گیارہ سو (1100) مرتبہ اس کی ریاضت کرنا ضروری ہے۔ اوّل وآخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ۔ پرہیز جلالی جمالی، جب پری حاضر ہوگی تو اس سے اپنے دینی و دنیاوی کام کا عہد و پیمان طے کریں، اس سے دوبارہ حاضری کی ترکیب بھی پوچھ لیں۔ وظیفہ پڑھائی یہ ہے:

"ملکہ بلقیس دا تخت لیاوے اسرافیل"

روحانی قوت بیدار کرنے کا عمل

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے یہ ایک نایاب تحفہ ہے۔ یہ اُن قارئین کیلئے ہے جو کہ تسخیر مؤکل کے اعمال کرنے اور حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے اپنے اندر روحانی قوت بیدار کرنے کی جدوجہد کریں۔ روحانی قوت بیدار کرنے کا وظیفہ یہ ہے:

"یَا ھادیُ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ"

اس اسم کی خاص اجازت حاصل ہے۔ پڑھ لیا کریں اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ وظیفہ کی تعداد 505 مرتبہ ہے۔ یہ وظیفہ چالیس یوم تک جاری رکھیں۔

بہترین استخارہ

یہ وظیفہ مکمل تفصیل وطریقہ سے درج کررہا ہوں، رسالوں اور جنتریوں میں یہ وظیفہ استخارہ کا نامکمل شائع کروایا جاتا ہے مگر کسی دوست نے مکمل تفصیل سے وظیفہ تحریر نہ کیا، قارئین کو اس بات کا شکوہ نہ رہیگا کیونکہ اب مکمل تفصیل سے تحریر کردیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل نقش کو کسی چھت پر بیٹھ کر چڑھتے سورج میں لکھیں جس وقت استخارہ کرنا ہو تو اس رات بعد نماز عشاء 2 رکعت نفل بہ نیت استخارہ پڑھ کر **یَا خَا بَحَقِ یَا مِیْکَائِیْل** تعداد 70 مرتبہ پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں اور مذکورہ نقش کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیں اور رات اپنے مقصد کو ذہن میں رکھ لیں، ان شاء اللہ خواب میں ہر قسم کی راہنمائی حاصل ہوگی۔ مزید رہنمائی کیلئے ادارہ بانی سے رابطہ کریں۔

کمال تسخیر خلائق

کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے اور قلب کو تسخیر کرنے کی غرض سے نوچندی جمعرات عشاء کے بعد باوضو ہو کر لوبان اگربتی سُلگا کر اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ وظیفہ یہ ہے:

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم الوسیع حل حلالہ

چالیس یوم تک برابر پڑھائی کریں۔

آخر میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ جعفریہ جنتری 2019ء کیلئے ایک خصوصی تحریر روانہ کردی گئی اُمید کرتا ہوں کہ میری اُس تحریر سے بھی قارئین بھرپور فائدہ حاصل کریں گے۔ جعفریہ جنتری میں شائع ہونے والا عمل قارئین جعفریہ جنتری کیلئے میری جانب سے نئے سال کا تحفہ ہوگا۔

حاضرات درود تاج

تحریر
ایس اے شہزاد
پشاور

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے اس بار حاضرات کا خصوصی وظیفہ کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین پہلے سے زیادہ حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

حاضرات کا درج ذیل وظیفہ درود تاج کا ہے، نہایت ہی معتبر وجلیل قدر ہے اور متلاشی حضرات کیلئے گراں قدر تحفہ ہے، اس وظیفہ کے ذریعے روحانی مخلوق کے سربراہ خود تشریف لاتے ہیں اور معالج روحانی کی ہر طرح سے مدد و رہنمائی کرتے ہیں۔ اس وظیفہ کی قدر و خوبیاں بیان نہیں کی جاسکتیں۔

ترکیب: ۔عروج ماہ نئے چاند کی گیارہ تاریخ سے اس وظیفہ کا آغاز کریں۔ پرہیز جمالی کرے، نماز کی پابندی کریں۔ وظیفہ کسی پاک وصاف حجرہ میں کریں، جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ درود تاج کو زبانی یاد کرلیں اور ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور تہجد کے وقت الگ سے 37 بار پڑھیں اور بعد زکوٰۃ گیارہ بار مداومت کریں، تعداد میں کمی بیشی نہ کریں وظیفہ کے دوران خواب آئیں ان کا ذکر سوائے مرشد کے کسی سے نہ کریں۔ نقش درود تاج یہ ہے۔



حاضرات کا طریقہ: ۔اگر معمول کم عمر اور نابالغ ہے درود تاج کے نقش مبارک حاضرات کرے، نقش کے درمیان سیاہی لگا کے مضمون کو دیکھنے کی ہدایت کرے، اگر معمول بڑی عمر کا ہے تو نقش کو زعفران کی روشنائی سے لکھیں۔ نقش معمول کے سر پر رکھ کے حاضرات کریں، دوران وظیفہ بخور جلائیں اور معالج روحانی تین تین بار معمول درود تاج پڑھ کر مضمون پر پھونک ماریں کچھ دیر بعد حاضرات کا نزول ہو جائیگا۔ ایک خوبصورت باغ میں 3 بزرگ نظر آئیں گے، معالج روحانی معمول کے ذریعے اپنا سلام عرض کرے، اس کے بعد جو مدعا ہو بیان کریں 100 فیصد درست جوابات ملیں گے۔

نوٹ: ۔درود تاج مجموعہ درود شریف کی کتابوں میں درج ہے وہاں سے دیکھ کر یاد کریں۔ اس وظیفہ کی خصوصی اجازت محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لے لیں۔

صفر: ۔اس ماہ میں خاص احتیاط کی جاتی ہے کیونکہ یہ بارہ مہینوں میں زیادہ نحس مہینہ شمار کیا جاتا ہے اور ایک حدیث کے مطابق اس ماہ دس لاکھ بلاؤں کا نزول ہوتا ہے لہذا اس ماہ میں صدقات اور خیرات زیادہ کرنی چاہئے۔

۲۰ صفر کی رات جو کہ چہلم امام حسینؓ بھی ہے اس کے علاوہ ۲۴ صفر کا دن گزرنے کے بعد ۲۵ صفر کی رات سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی زکات ادا کی جاسکتی ہے۔ جو کہ جادو، سحر، جنات اور دیگر شیطانی قوتوں سے نجات کا بہترین ذریعہ ہے۔ اسی ماہ آپ ﷺ پر جادو کیا گیا اور اس ماہ کے آخری بدھ کو آپ ﷺ نے غسل صحت فرمایا اور باغ کی سیر کی۔ ۲۵ صفر کی رات اور آخری بدھ مذکورہ بالا دونوں سورتیں ۱۰۸ بار پڑھیں ان سورتوں کی ابتداء میں بسم اللہ اور درود شریف نہ پڑھا جائے صرف اور صرف **اعوذ باالله من الشيطن الرجيم** پڑھی جائے کیونکہ اعوذ باللہ اور ان دونوں سورتوں کی برکت سے شیطان اور شیطانی قوتوں کو اور جادو سحر کو جلا دیا جاتا ہے اگر بسم اللہ اور درود شریف پڑھیں گے تو اس میں رحمت کا تقاضا آجاتا ہے جس کی وجہ سے پڑھا ہوا عمل بے کار جانے کا خطرہ ہے۔ جب بھی کسی بھی جادو کے اثر کو ختم کرنا ہو یا جنات کو جلانا ہو تو ان دونوں سورتوں کو درج بالا طریقہ سے ۴۱ بار پانی پر پڑھیں اور آسیب زیادہ یا سحر زدہ کو پلا دیں یا اس مکان یا دوکان کی دیواروں پر چھڑک دیں جس پر جادو کیا گیا ہو مدت عمل ۷ یوم رکھیں۔ ان شاء اللہ جادو سے نجات ملے گی۔ (ادارہ)

آسان عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

محترم دوستوں آپ سب کو اللہ ہمیشہ خوش رکھے جس طرح آپ لوگ میری حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور ادارہ سے فون نمبر لے کر میرے مضامین کی تعریف یا تنقید کرتے ہیں میرے لئے دونوں ہی قابل قبول ہیں میری اپنی سوچ ہے کہ آپ کی تنقید سے میرے مضامین کا میعار مزید بہتر ہوتا ہے۔ جو غلطی مجھے نظر نہیں آتی آپ لوگ اُس پر توجہ دلواتے ہیں کیونکہ مکمل ذات صرف ایک ہے باقی ہر شخص میں کوئی نہ کوئی خامی رہ جاتی ہے اور جو کوئی سمجھے کہ میں علم کا حرف آخر ہوں تو آپ بھی سمجھ جائیں کہ وہ علم کا معمولی سا طالب علم بھی کہلانے کا حقدار نہیں۔ اُمید کرتا ہوں کہ آپ آئندہ بھی میری حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے۔ کچھ لوگوں نے خط میں شکوے کئے آج کل روزی کا مسئلہ عام چل رہا ہے، آپ بہت کم اِس مسئلہ پر وظیفہ لکھتے ہیں، اس لئے سب کے لئے تحفۂ روحانیات میں اِس مسئلے کا حل لکھ دیا ہے وظیفہ کریں اور ہمارے لئے اور تحفہ روحانیات اور ان کے لکھنے والوں کی صحت عمر اور دشمنوں سے حفاظت کی دُعا کریں۔

اسم اعظم پڑھیں، روزی بڑھائیں

میرے دوستو رزق روزی کا مسئلہ آج کے دور میں سب سے بڑا ہے۔ اپنے پیارے پیارے دوستوں کی خواہش پر وسعت رزق کیلئے ایک خاص وظیفہ تحریر کر رہا ہوں ان شاء اللہ دوستوں کو پسند آئیگا۔

اسم اعظم :۔ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ

تعداد: ورد: 9 سو بار

ترکیب وظیفہ:۔ اس وظیفہ کو مشتری یا شمس ساعت میں پہلے رجال الغیب دریافت کریں کس سمت میں ہیں یہ آپ کو جعفریہ جنتری میں با آسانی مل جائیں گے اور مزمل جنتری بھی مفید مشورہ کے ساتھ پہنچ سکتی ہے۔ اگر شوق رکھتے ہیں تو روحانی ماہنامہ تحفۂ روحانیات ہر ماہ جو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب شائع کرواتے ہیں ان کی تفصیل آپ کو آسانی سے معلوم ہو جائے گی، جس طرف ہوں اس طرف پیٹھ کر کے دیکھ کر پڑھیں پھر دو نفل ادا حاجت ادا کر کے تین عدد نقش تحریر کریں پھر نو سو بار یہی چاروں اسم پڑھ کر نقش پر دم کریں، ایک نقش گھر میں لٹکائیں جو ہوا سے ہلتا رہے، دوسرا بازو پر، تیسرا جہاں کاروبار کرتے ہیں وہاں لٹکائیں اگر کاروبار نہیں تو کسی درخت پر لٹکائیں، کاٹے دار درخت یعنی بیری یا کیکر کا نہ ہو اور روزانہ نماز فجر اور سونے سے ان اسماء کا وظیفہ نو سو بار پڑھ کر دُعا کر دیا کریں، تیس دن میں اپنے حالات کی تبدیلی اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے، وظیفہ سے پہلے پانچ کلو چاول پکا کر تقسیم کریں۔

فقیری دور کریں

فقر و فاقہ سے نجات کیلئے ذیل کا اسم اعظم خلوص دل سے ورد کریں ان شاء اللہ فقیر ہو تو غنی ہو جائیگا۔ یہ اسم اعظم بہت زیادہ بزرگوں میں مشہور ہے جو کہ دُکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسم اعظم **یا وھاب** تنگدستی اور غربت سے نجات کیلئے اکسیر مانا جاتا ہے۔ باوضو ہو کر فجر کے وقت ذیل کا اسم اعظم دی گئی تعداد کے ساتھ ورد کریں تو ان شاء اللہ مقصد حل ہوگا۔

اسم اعظم:۔ یَا وَھَّابُ

تعداد وظیفہ:۔ ایک سو چودہ بار (114)

ترکیب وظیفہ: رات کو کسی وقت اُٹھیں جب سب گھر والے سوئے ہوئے ہوں، طہارت کر کے وضو کریں، اگر جسم ناپاک ہو تو پہلے غسل کریں، پہلے غرارہ کریں پھر ناک میں پانی ڈالیں، ناک کی ہڈی تک تین بار پھر تمام جسم پر پانی ڈالیں، کوئی جسم یا بال سوکھا نہ رہ جائے، یہ وظیفہ تین بار کریں، پھر کپڑے پہن کر دوبارہ وضو کر کے دو نفل رضا الٰہی ادا کریں، سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو چودہ بار **یَا وَھَّابُ** پڑھیں اور دعا فقیری کی دُور ہونے کی یا اپنے مطلب کی کر کے سر اُٹھا کر درود شریف پڑھ کر اپنی مطلب کی دعا کر کے ہاتھ منہ پر پھیر لیں، یہ طریقہ گیارہ رات کریں جو کہتے ہیں وظائف میں اثر نہیں ہے یہ کر کے دیکھیں۔ اگر وظیفہ کریں گے تو کسی کے محتاج نہیں رہیں گے۔

جدہ نیوز ایجنسی، توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049 ادارہ روحانیات

غیب سے ضرورت پوری ہو

میرے اکثر دوست احباب دست غیب کی تلاش میں رہتے ہیں سب سے پہلا دست غیب نماز، روزہ، حج اور زکات ہے اور اگر حقوق العباد پورے کئے جائیں تو یقیناً دست غیب خود بخود مل جاتا ہے۔ مگر آپکو ایک نایاب وظیفہ بھی بتا رہا ہوں جس کی برکت سے غیبی طور پر امداد ہوتی ہے۔

اسم اعظم :۔ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

تعداد:۔6250 بار

ترکیب وظیفہ:۔ حسب طاقت گوشت خرید کر تین حصے کر کے ایک حصہ کتے کو ڈالیں ایک حصہ ویران اُونچی جگہ کوؤں اور لالی چڑیوں، چیل کو ڈالے، تیسرا حصہ دریا یا نہر میں ڈالے، اس کے بعد نماز عصر کے بعد یا نماز عشاء کے بعد یعنی نماز فجر سے پہلے اس وظیفہ کو پڑھا کرے پھر سجدہ میں جا کر اپنی تنگی دور غیب سے روزی آنے یا جائز کوئی مراد پوری کرنے کے لئے دعا کرے، سات دن میں اس وظیفہ کے اثرات جاری ہونے اپنے آنکھوں سے دیکھے گا۔ صدقہ ہر ہفتہ بعد لازمی دیا کرے۔

تسخیر مال و دولت

جس طرح کسی شخص کو مسخر کیا جاتا ہے اسی طرح مال و دولت کو بھی مسخر کرتے ہیں مگر اس کیلئے جسم و روح کی پاکیزگی اور طہارت اول شرط ہے۔ ہر طرح کے گناہ کبیرہ وصغیرہ سے بچا جائے زیادہ تر وقت عبادت الٰہی میں گزاریں تو ذیل کا وظیفہ اپنا اثر دیگا۔

وظیفہ :۔ بِحُرْمَتِ لَآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَا فَتَّاحُ یَا وَھَّابُ یَا رَزَّاقُ (5000) پانچ ہزار روپے آئیں اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ

تعداد:۔500 بار روزانہ

ترکیب :۔ حسب توفیق بازار سے مٹھائی خرید کر ایصال ثواب۔ پھر رات تہجد کی نماز ادا کرنے کے بعد اس وظیفہ کو پڑھا کریں، بعد میں کسی سے بات کئے بغیر سو جایا کریں، اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ابراہیمی لازمی پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ اگر کسی کا حق نہیں کھایا اور روزی حلال ہو تو تیسرے دن غیب سے مدد ہونی شروع ہو جائے گی، اس بات کو یاد رکھیں ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو ایک لقمہ حرام کا کھا لیتا ہے اس کی تین دن دُعا قبول نہیں ہوتی، جو وظیفہ میں ناکامی کا شکوہ کرتے ہیں اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ وہ کس قدر مطاہر اور پاکباز ہیں۔ اللہ انہیں ہدایت فرمائے۔

تسخیر برادری، تسخیر محلہ

عزت اور وقار کے متلاشی افراد چاہتے ہیں کہ حلقہ احباب میں ہر شخص اُنکو عزت دے۔ اُنکی غیر موجودگی میں بھی اچھے لفظوں سے یاد کیا جائے۔ اور جس شخص کو بھی وہ کوئی بات سمجھائے تحمل مزاجی سے ہر شخص اُنکی بات پر توجہ دے اور دی گئی ہدایات پر وظیفہ کرے بہت کم ایسے افراد ملتے ہیں کہ جو ہر دلعزیز ہوتے ہیں اپنے حلقہ احباب برادری اور محلّہ میں اچھی شہرت حاصل کرنے کیلئے ذیل کا وظیفہ کریں۔

عبارت وظیفہ :۔ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ فلاں برادری، محلّہ کو میرے لئے مسخر کرو بِحَقِّ یَا بَدُوْحُ بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

تعداد وظیفہ:۔313 بار وقت صبح سورج نکلتے وقت

ترکیب وظیفہ:۔ سورج کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر روزانہ پڑھا کریں، روزانہ کیڑے مکوڑوں اور چڑیوں کو دانا اور چاول دال مسروں والی اور شکر ملا کر حسب طاقت ڈال دیا کریں، یہ وظیفہ معالج روحانی، علماء امام مسجد یا جن کا روزگار نہیں ہے ان کے لئے بہترین ہے۔ ضرورت کے مطابق آپ کی مدد ہو جایا کرے گی، روزانہ خرچ کر دیا کریں، ورنہ تسخیر ختم ہوتی جائے گی، مخلوق کی عزت کریں، ان سے محبت اور شفقت سے پیش آئیں۔

تسخیر خلائق، ترقی کا وظیفہ

ایسے افراد جن کا تعلق عوام الناس سے ہو مثلاً ڈاکٹر، وکیل، پرائیوٹ اسکول کے مالکان یا پھر سیاست دان حضرات کیلئے ایک خاص وظیفہ پیش کر رہا ہوں تحفہ روحانیات کی ٹیم کو دعائیں دیں جن کی محنت سے آپ تک یہ وظائف پہنچ جاتے ہیں اور وہ بھی رسالہ کی بہت کم قیمت پر۔

عبارت وظیفہ:۔ یا شیخ عبدالقادر محبوب سبحانی شیأ للّٰہِ مدد کُن بِا اذنِ اللّٰہ

طریقہ وظیفہ:۔ تعداد دور: نماز فجر ادا کرنے کے بعد گیارہ بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھ کر سب مسلمانوں کے لئے مغفرت کی دعا کریں، اس کے بعد اکیس بار صلی

اللہ علیہ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وسلم پڑھیں اس کے بعد گیارہ سو بار اُوپر والا وظیفہ پڑھیں، پھر دُعا کریں، اپنے مطلب کی اس کے بعد اکتالیس بار درود شریف ابراہیمی نماز والا پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک کر چہرے پر مَل لیں یہ طریقہ روزانہ کرنا ہے۔ ہر جمعرات کو شرینی لے کر ختم شریف پڑھ کر محلّہ میں تقسیم کر دیا کریں، لکھنے اور شائع کرنے والوں کے لئے بھی آخر میں دعا کریں تاکہ آپ کا وظیفہ چلتا رہے بھلا کر بھلا ہو بزرگوں کا فرمان ہے۔

منکرین وظیفہ بھی مان جائیں

جو لوگ وظائف قرآنی آیات کی روحانی قوت پر یقین نہیں رکھتے وہ شرطیہ طور پر ذیل کا وظیفہ کریں اور اسکے روحانی اثرات کا مشاہدہ کریں۔ ان شاءاللہ ایسے افراد دوبارہ روحانی اور قرآنی وظائف کے معتقد ہو جائینگے یقیناً قرآنی اور روحانی فیض دوسروں میں بھی تقسیم کریں گے۔

عبارت وظیفہ: ۔ اَقْطَعَ السَّحَرُ الْبَنْدِشُ الرِّزْقِ بِحَقِ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ اِنَّا شَانِئَکَ ھُوَالْاَبْتَر۔

طریقہ وظیفہ: ۔ سوا کلو بڑا گوشت کا ثابت ٹکڑا خرید کر اس پر گوگل اجوائن ہرمل اکٹھی ملا کر اُوپر والی عبارت ایک سو ایک بار پڑھیں اور چوبیس گھنٹے جادو سحر والی دکان یا بندش ہونے والے مکان میں لٹکا دیں، پھر اُتار کر بڑی نہر میں یا دریا میں ڈال دیں، اس کے بعد ایک بوتل پانی کی یہاں سے بھر کر گھر لائیں اُوپر والی کلام تین سو تین بار دم کریں اور دکان یا جائے کاروبار والی جگہ پر چھڑکیں اور تعویذ کو پانچ بار لکھیں، تعویذ لکھنے سے پہلے غسل کر کے وضو کر کے لکھیں، ان پانچ تعویذ پر اُوپر والا وظیفہ پانچ بار دم کریں، اس کلام کے اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف تاج پڑھیں۔ ایک تعویذ سامنے گاہک کے آنے والی سائیڈ پر لگا دیں، ایک نقش پر اکتالیس بار دوسری رات دم کر کے پانی والی بوتل میں ڈال کر صبح چاروں کونوں اور سامان والی جگہ چھڑکیں یہ نقش کا پانی پانچ دن صبح چھڑکنا ہے لیکن وظیفہ روزانہ اکتالیس بار نماز فجر پڑھ کر پانی پر دم کرنا ہے۔ پانچ دن کے بعد دوسرا نقش اسی بوتل میں ڈال کر وظیفہ پڑھیں اور چھڑکیں یہ نقش بھی پانچ دن پہلے کی طرح استعمال کریں، چاروں نقش بیس دن استعمال ہوں گے اور وظیفہ بھی روزانہ پڑھ کر دعا کر کے پانی چھڑکنا ہوگا صدق دل سے وظیفہ کریں اور رزلٹ دیکھیں، بندش کس طرح اللہ کی کلام سے دُور ہوتی ہے ہر ہفتہ حسب طاقت صدقہ کرتے رہیں، دریا میں گوشت ڈالنے سے پہلے اپنا حصار لازمی کر کے جائیں اگر کوئی صاحب دوبارہ پوچھنا چاہے تو خط کے ذریعے پوچھ سکتا ہے۔

بے حساب رزق میسر آئے

عبارت ورد: یَا اَللّٰہُ یَا رَزَّاقُ یَا وَاسِعُ یَا مُعْطِیُ یَا بَاسِطُ الْبَسِطُ الرِّزْقِ بِحَقِ یَا بَاسِطُ

ترکیب وظیفہ: اس ورد کو پڑھنے سے پہلے سوا کلو یا پانچ کلو کھیر پکا کر بچوں میں تقسیم کریں اور سوا پاؤ گوشت اپنے سر سے اُتار کر درخت کی شاخ پر لٹکا دیں پھر نماز فجر اور نماز عصر کے بعد بیٹھ کر گیارہ بار درود شریف ابراہیمی اور ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر ہم سب کملہ گو پر رحم کی نگاہ کریں، اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اُوپر والا ورد ایک سو گیارہ بار پڑھ کر سجدہ میں دعا کیا کریں۔ یہ ورد ہمیشہ جاری رکھیں، ان شاءاللہ گیارہ دن کے بعد اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے، نادار لوگوں اور معالج روحانیوں کے لئے آب حیات ہے، گوشت وظیفہ سے پہلے ایک دن ڈالنا ہے، بقایا وظیفہ والا طریقہ جس طرح پہلے پڑھا تھا روزانہ اُسی طرح ورد کرنا ہے، گیارہ دن بعد حسب توفیق کھیر یا میٹھے چاول پکا کر ایصال ثواب کر کے تقسیم کر دیا کریں، خود بھی کھا سکتے ہیں جو وظیفہ کر کے تھک چکے ہیں وہ کریں دنیاوی فائدہ کے علاوہ ثواب علیحدہ ملتا رہے گا۔

عبارت سفلی حصول رزق

شیطان کا دوسرا نام عزیل ہے اسی سے منسوب یہ وظیفہ ہے۔

عبارت: ۔ اے عَزَّزِیل میرے لئے مال آنے کا بندوبست کر، اگر تو میرا کام نہ کرے گا تو تجھ پر صد ہزار لعنت اور تجھے مال کا دودھ پیا حرام۔

طریقہ وظیفہ: ۔ اس عبارت کو زوال کے وقت تین سو چوبیس بار روزانہ سورج کی طرف منہ کر کے پڑھا کرے تیسرے دن کیڑے مکوڑوں کو اناج باجرہ سوجی شکر کو پاؤ ڈال دیا کریں کئی لوگ منتر کے بڑے شوقین ہوتے ہیں نت نئے منتر کی تلاش میں رہتے ہیں اور چھوٹی عبارت اور زیادہ فائدہ کے خواہش مند ہوتے ہیں یہ اُن کے لئے دل پسند اور مجرب وظیفہ ہے لیکن دنیاوی فائدہ ہے جو ملے غریبوں پر خرچ کر دیا کریں، اِس وظیفہ کی رجعت سے محفوظ رہیں گے اگر اپنی مرضی کریں گے تو یہ شیطان تمہیں بیمار کر دے گا، غیر مسلم بھی اِس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، اگر کسی معالج کے پاس اِس سے بہتر اور مختصر وظیفہ ہے کشائش والا تو شائع کرا کر مخلوق کی دعائیں حاصل کرے، ادارہ روحانیات کی ترقی کے لئے لازمی دُعا کریں، جو آپ تک ایسے مجرب وظائف پہنچاتا ہے۔

علم قیافہ سے حالات معلوم کرنا

تحریر:۔
خضر عباس بیاسی
(راجن پور)

انسانی زندگی میں علم قیافہ بھی ایک نہایت ہی اہم اور ضروری فن تصور کیا جاتا ہے۔ اس علم کی مدد سے ہم کو ظاہری شکل وصورت دیکھ کر ایک انسان کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے، ہم مردوں کی نیک وبد خصلتوں کے سلسلے میں کچھ علامات درج کرتے ہیں۔ ان علامات کی مدد سے بڑی حد تک ایک شخص کے متعلق صحیح رائے قائم کی جاسکتی ہے۔

بال سر

(1) سیاہ ملائم ہو دولت مند ہو۔
(2) باریک ہوں، حسین نیک مزاج ہو۔
(3) سخت تر ہوں، تنگ دست اور بہادر ہو۔
(4) سرخی مائل بیٹھے ہوئے تو مفلس و پریشان روزگار ہوگا۔

کاسئہ سر

(1) لمبائی ہو تو اقبال وناز سے بسر کرے۔
(2) متوسط ہونا دولت مندی کے آثار ہیں۔
(3) زیادہ تر بڑھوا مفلسی و پریشانی کا نمونہ ہے۔

پیشانی

(1) بلند خوش نصیبی اور دولت مندی کی علامت ہے۔
(2) کشادہ علم ودانش کی علامت ہے۔
(3) تنگ اور پست کوتاہی عمر اور بدبختی کی علامت ہے۔
(4) ہموار پست و بلند، رنج ومحنت کی علامت ہے، عمر کٹنی میں گذرے۔

پیشانی پر تل

بخت آوری کی علامت ہے۔

خطِ پیشانی

اگر ایک خط ہے شقیقہ سے شقیقہ تک یعنی ایک کنپٹی سے دوسری کنپٹی تک تو
(1) مال ودولت کی ہے، ورنہ خسرانِ مال ہے۔
(2) دو خط سلطنت و درازی عمر کی علامت ہے۔
(3) تین خط وزارت وشہری یاری کی علامت ہے۔
(4) چار و پانچ خط بے دولتی ہو درویشی کی علامت ہے۔
(5) اگر کوئی خط نہ ہو تو ترک دنیا کی علامت ہے۔

ابرو یعنی بھنویں

(1) دونوں باریک خوبصورت کمان کی طرح ہونا دولت وسلطنت کی علامت ہے۔
(2) ملی ہوئی بھنویں چوری کی علامت ہے۔
(3) ابرو کے بال نہ ہونا، یا کم ہونا غریب ہونے کا سبب ہے۔
(4) ابرو کے بالوں کا سخت ہونا، بدبختی کے آثار ہیں، غربت کا سبب ہے

آنکھ

(1) اگر سفید یا سیاہ ہوں اور سرخ ڈورے اس میں پڑے رہتے ہوں اقبال مندی وخوشحالی وشاہد پرستی کی علامت ہے۔ عورتوں کو اس سے بہت فائدہ پہنچے۔
(2) اگر مثل شیروں کے خشم آلود ہوں یعنی غصہ بھری ہوئی تو شجاعت و تہور کی علامت ہے۔
(3) اگر مثل دیدہ مرغان ہو (مرغ یعنی آنکھ جیسا کہ مرغ کن آنکھوں سے دیکھتا ہے) تو بے شرمی اور بے حیائی کی علامت ہے۔
(4) اگر آنکھیں بلی کی طرح نیلی اور سبز رنگ ہوں تو بدخلقی ہے بے مروّتی کی علامت ہے۔

(5) مثل چوکور کے آنکھوں کا ہونا چالاکی بے وفائی کے آثار ہیں۔

پلک آنکھ

(1) پلکوں کے بالوں کا کم ہونا (زندگی عیش وعشرت سے بسر ہونے کی علامت ہے۔)

(2) سخت زیادہ ہونا۔ مفلسی وشوریدبختی کی علامت ہے۔

ناک

(1) بلند اور بڑی ناک علامت دولت مندی وسعادت کی ہے۔

(2) خوبصورت مثل مفقار طوطی وخرطوم پہن ہونے سے ذی عقل پرہیزگار صاحب اقتدار یعنی طوطے کی چونچ جیسی ٹیڑھی اور پھیلی ہوئی ہے۔

(3) جو درازی وکوتہی بلند پستی باریکی وفربہی میں میانہ خوش اندام وخوش نما ہو تو علامت نیکی ہے۔

(4) بہت بلند وباریک وپشتہ دار ہونا علامت سبک ساری کی ہے۔

(5) موٹی چھوٹی پست ہونا علامت کوتاہ عقل (کم عقل) و پریشانی روزگاری کی ہے۔

سوراخ ناک

(1) بڑے ہونا بے حیا ہونے کی علامت ہے۔

(2) تنگ ہونا زی عقل اور باحیا ہونے کا نمونہ ہے۔

کان اور کانوں کی لو

(1) اگر لمبے ہوں نیک طینت باثروت (دولت مند) رہے عمر دراز ہو

(2) اگر درازی وکوتاہی ولاغری و پہنادری (یعنی بیٹھی ہوئی) ابجد اعتدال ہو علامت نیک اور اخلاقی پسندیدگی کی ہے۔

(3) نرگوش اگر کنپٹی سے جدا ہوں، علامت خوش حال کی ہے۔

(4) اگر ملے ہوئے مگر باریک ہوں، علامت خوش حال کی ہے۔

(5) اگر کان پر بال ہوں تو علامت محنت ورنج کی ہے۔

چہرہ

(1) کتابی آفتابی چہرہ موٹا خوش نصیبی اور اقبال مندی کی دلیل ہے۔

(2) مثل موش (چوہا) داہو (ہرن) ہونا بدبختی وگداگری کا ثبوت ہے

(3) پرگوشت وخوبصورت ہونا نیک مرد یا اوّل ہونے آثار ہیں۔

(4) پلنگ (چیتا) کے چہرہ ہونے سے صاحبِ ثروت وحشمت ہونے کا ثبوت ہے۔

زبان

(1) سرخ، زبان علامت دولت ومال کی ہے۔

(2) سفید زبان علامت نکبت وفلاکت ہے۔

لب

(1) سرخ علامت سعادت ودولت ہے۔

(2) لب ہائے سیاہ علامت نکبت ومفلسی وبے دولتی ہے۔

دانت

(1) باریک دانت مثل انار کے دانے کے علامت ودولت وسعادت ہے

(2) سفید دانت علامت دولت ومال ہے فقیر وترک دُنیا کی ہے۔

آواز

(1) بلند آواز ہونا جاہ وجلال کا ثبوت ہے۔

(2) آواز میں بادل کی سی گرج ہونا نیک مردی کے آثار ہیں۔

(3) مثل طاؤس (مور) کے ہونا دولت مندی ونام وری کا نشان ہے

داڑھی

(1) سیاہ ملائم ہونا دولت مندی ونام وری کا نشان ہے۔

(2) سرخی مائل ہونا بے رحمی وغصہ کی علامت ہے۔

شگاف دھن

(1) چوڑا اور کشادہ منہ ہونا ناقص العقل وپریشان حالی کی علامت ہے

(2) تنگ دہن ہونا عمر عیش وطرب میں بسر ہونے کی دلیل نشانی ہے۔

تھوڑی

(1) مدور (گول) ہونا عقل مند و اہل فن ہونے کی علامت ہے۔
(2) کوتاہ ہونا عیبی کا نشان ہے۔
(3) ٹھوڑی کا خالی ہونا بدخصالی کی علامت ہے۔
(4) بلند ہونا، دولت مندی کی دلیل ہے۔

گردن

(1) گردن لمبی سہونے سے شوریدہ بختی و ذلیل ہونے کی دلیل ہے۔
(2) متوسط ہونا، اوسط درجہ میں بسر ہونے کی علامت ہے۔
(3) کوتاہ ہونا حرام زدگی کی نشانی ہے۔
(4) بہت بڑی ہونا چوری کی علامت ہے۔

خط گلو

(1) ایک خط ہونا عمر طبعی پر پہنچنے کی دلیل ہے۔
(2) دو خط نیک و بخت و عقل مند ہونے کی دلیل ہے
(3) تین خط سے صاحب ثروت مگر پُر شکوہ ہونے کا نشان ہے۔
(4) چار خط پریشانی اور بے قراری کا حال ظاہر کرتے ہیں۔

پیٹھ

(1) خوردو میانہ علامت دولت و سلطنت ہے۔
(2) حدِ اعتدال سے درازی علامت فلاکبت نکبت (بے وقوفی) ہے

بازو

(1) دراز بازو علامت دانائی ہو ہوش مندی کی ہے۔
(2) متوسط بازو علامت سعادت دولت ہے۔

ہاتھ

(1) اگر داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ سے بڑا ہو تو علامت تہور و شجاعت کی ہے
(2) اگر بایاں ہاتھ داہنے ہاتھ سے بڑا ہو تو علامت بے چینی و بددلی کی ہے

طلسم زنگرج

یہ ایسا خاص طلسم ہے جو کہ 12 سال میں صرف ایک بار استعمال ہوتا ہے اس طلسم کی برکتیں اس قدر ہیں کہ حیران کُن طور پر سامنے آئی ہیں۔ گزشتہ شرف مشتری میں طلسم زنگرج مکتبہ روحانیات نے تیار کیا اور پھر ایسے بیکار اور ناکارہ لوگوں کو بھی یہ طلسم دیا گیا جن کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ کبھی مال و دولت حاصل نہ کر سکیں گے اور کبھی کوئی کاروبار بہتر طور پر بھی نہ چلا سکیں گے اللہ تعالیٰ کی قدرت پہ قربان جائیں۔ کہ آج وہی لوگ مالی طور پر نہایت مستحکم ہیں جو کہ کبھی کنگلے اور بیکار کہلاتے تھے۔ طلسم زنگرج کی برکت ہے کہ اس طلسم کو پاس رکھنے کے بعد کوئی ورد وظیفہ نہیں پڑھنا پڑتا اور اس طلسم کا اثر تمام انسانوں پر یکساں ہوتا ہے یعنی کے مسلم و غیر مسلم حضرات دونوں ہی اللہ کی اس نایاب نعمت سے مکمل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اب اُن تمام دوستوں کے لئے ایک بار پھر یہ طلسم تیار کیا جا رہا ہے جنہوں نے گزشتہ شرف مشتری گزرنے کے بعد طلسم زنگرج کی خوبیاں اپنے اُن دوستوں سے سُنی جنہوں نے یہ طلسم حاصل کر لیا تھا۔ مگر طلسم زنگرج کی زیادہ طلب ہونے کے باعث مکتبہ روحانیات میں یہ طلسم ختم ہو چکے تھے اب 12 سال بعد یہ موقع آیا ہے کہ عزت، مال، دولت، خوشحالی، انعامی اسکیم میں جیت کا حصول کا طلسم تیار کیا جا سکے یاد رکھیں طلسم زنگرج صرف مکتبہ روحانیات میں تیار کیا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک ایسا خاص طلسم ہے جس میں قوت اور تاثیر پیدا کرنے کیلئے انتہائی محنت درکار ہوتی ہے۔ یہ خاص طلسم مکتبہ روحانیات کے خاص رازوں میں سے ہے جو کہ بزرگوں سے نسل در نسل چلتا آ رہا ہے۔

ھدیہ طلسم زنگرج 4200 روپے

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فٹکر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ھدیہ 500 روپے

اخوت مسلم بھائی چارہ

تحریر
ایاز اشرف سیال
(چکوال)

دمتِ خلق: ۔اللہ پاک کی رضا پانے کے لیے اس کی مخلوق سے محبت کرنا اور لوگوں کے کام آنا ایک بہت بڑا عمل ہے۔ اللہ غفور الرحیم اور بے نیاز اپنے حقوق تو معاف فرمادے گا مگر بندوں کے حقوق تو وہ خود ہی ایک دوسرے کو معاف کریں گے۔ خدمتِ خلق کرنا نبی پاک ؐ کی سنت بھی ہے اور آپ کا فرمان بھی ہے۔ لہٰذا اگر خدمتِ خلق کے جذبے کے تحت اللہ رب العزت سے اس کی نوری طاقتیں مانگی جائیں... تاکہ اس کی مخلوق کی خدمت کی جاسکے، مخلوق کا درد بانٹا جاسکے، اور ان کی ہر تکلیف، دکھ، غم، پریشانی، مشکلات، آفات، بلیات، مصائب اور بیماریوں کا ہر ممکن علاج اور سدِ باب کیا جاسکے۔ تو رب کائنات اپنی رحمت سے ہماری سچی نیت کو بھانپتے ہوئے ہمیں وہ قوتیں ضرور عطا فرمائے گا۔ اب اس کے بعد جتنی محنت سے چلہ کشیاں کرتے جائیں گے، جتنی اچھی اور اعلیٰ ظرفی کا ثبوت پیش کریں گے ...تو امید سے بڑھ کر اللہ کے نور کے خزانے بھی بٹورتے جائیں گے۔ حصول روحانیات کا یہ بھی ایک بہت بڑا راز اور گُر ہے۔ جس کی بدولت اللہ رب العالمین نے اپنے ولیوں کو کشف و کرامات سے نوازا۔ مگر یہ بات لازمی طور پر یاد رکھیں کہ اللہ پاک کو دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔ لہٰذا جو کوئی صرف اپنی ذاتی طاقت اور خودغرضی کی بنا پر تسخیرات کرنا چاہتا ہے... وہ بڑی ہی مشکل سے صرف ایک عامل ہی بن سکتا ہے... جو کہ انتہائی تگ و دو کے بعد غیبی مخلوق کو تسخیر کر کے پوری زندگی کے لیے خود بھی ان کے آگے مسخر ہو جاتا ہے۔

میں نے جب سورۃ مزمل کا اپنا دوسرا چلہ مکمل کیا تو مجھے باطن میں ایک بکری تحفے میں دی گئی۔ میں نے اپنے استاد جی اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ بکری سے آپ دودھ حاصل کرتے ہیں... اور دودھ تو اللہ کا نور ہے۔ یعنی آپ کو سورۃ مزمل کا نور عطا کیا گیا ہے۔ اور بکری کی کھال اور گوشت بھی تو اللہ کے فضل میں سے ہیں۔ یعنی اللہ کا رزق ہے۔ اس طرح آپ کو سورۃ مزمل کی روحانیات اور رزق کثیر عطا کی گیا ہے۔ پھر تیسرے چلے میں مجھے کچھ خزانوں کی چابیاں عطا کی گئیں۔ یعنی کہ جو بھی حاجت مند میرے پاس کوئی سوال لے کر آتا... تو میری دعاؤں سے ان خزانوں میں سے اس کی وہ ضرورت پوری کر دی جاتی۔ اور یہ صرف انسانیت کی خدمت تک ہی محدود نہیں... بلکہ جانوروں سے بھی پیار کرنا چاہیے۔ نہ تو انہیں کوئی ایذا دینی چاہیے... بلکہ اگر وہ کسی مصیبت میں ہوں تو ان کی ہر ممکن مدد بھی کرنی چاہیے۔ ایک دفعہ سردیوں کی سخت ٹھنڈی رات میں گلی میں سے کتے کے ایک چھوٹے سے بچے کی رونے کی آواز سن کر میں باہر گیا اور اسے گرم لحاف اوڑھایا... جس سے اس کو سکون آ گیا... اور وہ آرام سے چپ چاپ سو گیا۔ اسی رات خواب میں سرکار مدینہ تشریف فرما ہوئے اور مجھے وضو کروانے لگے۔ یعنی جو نیک عمل میں نے کیا تھا... اس کے صلے میں اللہ رب العزت سے میری خطائیں معاف فرمانے لگے۔

معافی و درگذر: ۔ایک اچھے اور سچے مسلمان کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے ساتھ زیادتی کرنے والے کو معاف کر دیا کرے۔ اور وہ معاملہ یا اللہ! یا قھار! یا مذل! یا منتقم! یا ممیت پر چھوڑ دے۔ اور خود بے فکر ہو جائے... اس کے آگے اللہ جانے اور اس کا کام۔۔۔ البتہ جو کوئی آپ سے معافی مانگ لے تو اسے ضرور معاف کر دیں۔ اگر اس نے انتہائی شرمناک حرکت کی ہوئی ہے... تو اسے بس اتنا کہہ دیں کہ میرے سامنے نہ آیا کرو... اس کے علاوہ مزید کچھ نہ کہیں۔ جن لوگوں نے زیادتیاں کی ہوئی تھیں ان سب کو معاف کر دیں۔ اس کے علاوہ دوسروں کی زیادتیاں، خامیاں، بھول چوک، نادانیاں اور دل آزار باتوں کو نظر انداز کرنے کی عادت اپنائیں کیونکہ اللہ رب العزت بہتر جانتا ہے کہ لوہے کے تیر سے زیادہ باتوں کے تیر زیادہ تکلیف پہنچاتے ہیں۔ لہٰذا اللہ کی رضا کے لیے درگذر کیا کرو۔ یہاں صرف اتنا ہی کہوں گا کہ اگر کوئی شخص آپ کے ساتھ زیادتی کر جاتا ہے تو آپ بالکل خاموش ہو جائیں... حتیٰ کہ اسے بد دعا بھی نہ دیں اور نہ ہی اللہ سے اس بندے کی شکایت کریں۔ آپ دیکھیے گا کہ حیران ہو جائیں گے کہ کس قدر تیز رفتاری سے اور ہولناکی سے آپ کا انتقام لیا جاتا ہے۔ اگر اللہ سے شکایت کر دی یا بد دعا کر دی تو پھر بھی آپ کا بدلہ تو لے لیا جائے گا... مگر وہ شدت نہیں رہے گی۔ لہٰذا آزما کر دیکھ لیں۔ نہ بھولیں کہ اس معاملہ میں نبی کریم ؐ کی ذات اقدس ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ کفار مکہ نے اس قدر زیادتیاں آپ ؐ کے ساتھ کیں اور جب اللہ کے حکم سے فتح مکہ ہوا تو آپ ؐ نے معاف فرما دیا۔

تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ سے

محترم دوستوں عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ بنایا گیا ہے جس میں روحانی قلمکار اور دوست شامل ہیں اس گروپ میں بہت سی مفید روحانی پوسٹ کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورت کے متفقہ فیصلہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ان شاءاللہ ہر ماہ 2 صفحات تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ کی میعاری اور معلوماتی پوسٹ شائع کی جائیگی۔

وہ دوست جو کہ تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ میں شامل ہونا چاہیں اپنے وٹس ایپ نمبر 92-300-6351192+ پر اپنے شہر اور نام کے ساتھ میسج کریں اور گروپ میں شامل ہونے کا پیغام بذریعہ وٹس ایپ میسج روانہ کریں۔ (ادارہ)

ایک تعارف

مکمل نام ؟ سید گلاب شاہ بخاری

عمر یا تاریخ پیدائش ؟ یکم جنوری 1975ء

شہر و ملک ؟ درگاہ سید پور شریف ضلع گھوٹکی (سندھ)

روحانیت میں تجربہ ؟ تقریباً 9 سال

زیادہ تر کس قسم کے سائلین آپ سے رابطہ کرتے ہیں ؟ عشق و محبت، تسخیر و حُب، خیر و برکت سحر اور جادو میں مبتلا روحانی و جسمانی مریض

کس اسم اعظم یا آیت مبارکہ یا سورۃ مبارکہ سے روحانی امداد حاصل کرتے ہیں ؟ سورۃ فاتحہ چاروں قل اور دعائے ناد علی سے کام لیتا ہوں۔

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات بارے میں اظہار خیال ؟ تحفہ روحانیات بہت اچھا لگتا ہے بہت معلوماتی اور دینی، روحانی قرانی وظائف کا رسالہ ہے۔

تحفہ روحانیات کس طرح آپ تک پہنچا ؟ 3 سال قبل اپنے علاقہ کے بک اسٹال پر دیکھا۔ سرسری مطالعہ کیا تو بہت اچھا لگا اس کے بعد میں ہمیشہ اسے خرید کر پڑھتا ہوں۔ قیمت بھی کوئی زیادہ نہیں ہے۔

اب تک کتنے دوستوں کو تحفہ روحانیات متعارف کروا چکے ہیں ؟ اپنے حلقہ احباب کے کئی دوستوں سے تعارف کروا چکا ہوں ان شاءاللہ مزید بھی دوستوں کو تعارف کرواؤں گا۔

مکمل ایڈریس کیا ہے ؟
درگاہ سید پور شریف، میر پور ماتھیلو، ضلع گھوٹکی سندھ

سورۃ القریش کی تاثیر

سورۃ القریش کی طاقت اور تاثیر اگر پابندی کرے تو 40 دن سورۃ قریش کا میرا تجربہ ہے کہ راستے سمٹ جائیں 1100 کلومیٹر کا فاصلہ سمٹ کر 100 کلومیٹر ہو جائے۔ پتہ ہی نہیں چلتا کہ یہ کیا ہے یہ سورۃ کا روحانی فیض ہے۔ اس کی تاثیر یہ دیکھی ہے کہ ایک ان دیکھا وجود جو نظر نہیں آتا آپکی مدد کرتا ہے۔ سورۃ القریش کھانے کے فوری بعد پڑھنے سے بڑھا ہوا پیٹ کم ہو جاتا ہے۔ ایسا شخص وقت سے پہلے بوڑھا نہیں ہوتا گیس بادی اور تبخیر نہیں ہوتی کھانا زہر نہیں بنتا۔ جسمانی امراض ختم ہو جاتے ہیں۔ جدید مرض شوگر، کولیسٹرول اور یوریک ایسڈ وغیرہ سے نجات مل جاتی ہے۔ کھانے کے بعد سورۃ القریش پڑھنے سے عبدیت، صالحیت کا ذریعہ بنتا ہے۔ کھانا شفاء بن کر لگتا ہے۔ کھانے کے بعد پڑھنے والے کو اللہ پالتا ہے دسترخوان اور رزق وسیع کر دیتا ہے۔ اتنا وسیع رزق ہوتا ہے کہ اس کی نسلوں کو بھی بھکاری اور منگتا نہیں بننے دیتا۔ آنکھوں دیکھی بات ہے کہ کتنے مال دار گھرانے تھے جو بھکاری بن گئے، فقیر بن گئے اور جن لوگوں نے سورۃ القریش کھانے کے بعد پڑھنے کا معمول بنایا وہ رب رحیم کی طرف سے نسلوں تک غنی اور سخی وہ گئے اللہ اُن کی نسلوں کو بھی پالتا ہے۔ کھانے کے بعد صرف 3 بار سورۃ القریش پڑھ لیا کریں۔ سید گلاب شاہ بخاری (گھوٹکی)

ملک نوید نیوز ایجنٹ کمالیہ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ 0305-9720805 ادارہ روحانیات

ناف بارے دلچسپ معلومات

اللہ تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے ناف ایک خاص تحفہ ہے۔ 62 سال کی عمر کے ایک بوڑھے آدمی کو بائیں آنکھ سے صحیح نظر نہیں آرہا تھا خاص طور سے رات کو تو نظر اور خراب ہو جاتی ڈاکٹر نے بتایا کہ آپ کی آنکھیں تو ٹھیک ہیں مگر ایک مسئلہ ہے کہ جن رگوں سے آنکھوں کو خون فراہم ہوتا ہے وہ سوکھ گئیں ہیں۔

سائنس کے مطابق سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تخلیق انسان کے سبب ناف پیدا فرمائی اس میں اللہ کی حکمت ہے۔ پھر ایک کارڈ کے ذریعے ماں کے ساتھ جُڑ جاتی ہے اور اس خاص تحفہ سے جو بظاہر ایک چھوٹی سی چیز ہے ایک پورا انسان تخلیق کے وجود میں آجاتا ہے۔

ناف کا سوراخ حیران کُن نتائج

سائنس کے مطابق ایک انسان کے مرنے کے بعد بھی 3 گھنٹے تک ناف کا حصہ گرم رہتا ہے۔ وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ یہاں سے بچے کو ماں کے ذریعے خوراک ملتی ہے۔ ماں کے پیٹ میں بچہ تقریباً 270 دن میں پرورش پاتا ہے جو کہ تقریباً 9 ماہ بنتی ہے۔ ناف سے ہماری تمام رگیں جُڑی ہوتی ہیں ناف کچی اپنی خود ایک زندگی ہوتی ہے درمیانی ناف کے اس سوراخ کے پیچھے ایک مقام ہوتا ہے جہاں تقریباً 72 ہزار رگیں موجود ہوتی ہیں اور یہ رگیں پھلائی جائیں تو زمین کے گرد دو بار گھمائی جاسکتی ہیں۔

علاج: ۔اگر آنکھ کی رگیں سوکھ جائیں اور درست طور پر نظر نہ آتا ہو یا پتہ صحیح کام نہ کر رہا ہو یا ہونٹ پھٹ رہے ہوں چہرے پر تر و تازگی اور چمک لانے کیلئے یا بال چمکانے کیلئے یا گھٹنوں کے درد سے نجات کیلئے یا سستی کاہلی دور کرنے کیلئے یا جوڑوں میں درد کا خاتمہ دور کرنے کیلئے یا جلد کی خشکی دور کرنے کیلئے ذیل کا طریقہ علاج استعمال کیا جاسکتا ہے۔

رات کو سونے سے پہلے 3 قطرے خالص دیسی گھی یا ناریل کا تیل ناف کے درمیانی حصہ میں ٹپکائیں ناف کے گرد ڈیڑھ انچ دائرہ کی شکل میں بھی یہ تیل لگائیں ان شاء اللہ درج بالا امراض سے نجات مل جائیگی۔

کپکی اور سستی دور کرنے کیلئے جوڑوں کے درد سے نجات کیلئے سرسوں کے تیل کے تین قطرے درج بالا ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

سوکھی رگوں کو دوبارہ سے تازہ کرنے کیلئے: ۔ناف کے سوراخ میں اللہ نے یہ خاصیت رکھی ہے کہ جو رگیں جسم میں اگر کہیں سوکھ جائیں تو ناف کے ذریعے ان میں تیل ڈالا جاتا ہے۔ جس سے سوکھی ہوئی رگیں دوبارہ کھل جاتی ہیں۔

بچے کے پیٹ میں اگر درد ہو تو ہینگ پانی اور تیل کا محلول بنائیں اور ناف کے اردگرد لگائیں چند منٹوں میں بچے کے پیٹ کا درد ختم ہو جائیگا۔

ذہنی دباؤ اور تناؤ میں کمی کیلئے پیاز 20 گرام حاصل کریں اور اس پیاز کو آدھ پاؤ روغن زیتون میں جلائیں اس تیل کی ناف کے اندر اور باہر مالش کریں تو ان شاء اللہ ذہنی دباؤ میں کمی ہوگی۔

کانوں کے امراض ختم کرنے کیلئے

:۔اگر کانوں میں آوازیں آتی ہو یعنی سائیں سائیں یا سیٹیاں بجنے کی آوازیں آتی ہوں یا رگیں سوکھ گئیں ہوں ایسے میں سرسوں کا تیل 50 گرام لیں اس تیل میں تخم ہرمل دو عدد پیس کر ناف میں 15 دن لگائیں ان شاء اللہ کانوں کے امراض کا خاتمہ ہوگا اور قوت سماعت بہتر ہو جائیگی۔ مزید کہ اگر سرسوں کے تیل میں جس کی مقدار 50 گرام ہو دار چینی پیس کر ڈالیں اب اس تیل کو جلائیں اور وہ تیل ناف میں لگائیں تو بھی حیرت انگیز نتائج برآمد ہونگے کانوں کے امراض ختم ہو جائیں گے۔

پیٹ کے امراض کا خاتمہ کیلئے

:۔50 گرام سرسوں کے تیل میں 20 گرام کلونجی کا تیل ملا کر ہلکا گرم کر لیں اب یہ تیل مسلسل 2 ماہ تک ناف میں چند قطرے ڈالیں اور اس کے گرد لگائیں ان شاء اللہ معدے کے امراض ختم ہونگے اگر پیٹ پھولا ہوا ہے تو بھی ٹھیک ہو جائیگا۔ معدہ تبخیر کے مریض جنہیں پیٹ میں گیس ہوتی ہو وہ بھی یہ نسخہ استعمال کر سکتے ہیں۔ حیرت انگیز نسخہ ہے۔

قبض سے نجات: ۔قبض ایک دیرینہ اور پیچیدہ مرض ہے یہ کئی بیماریوں کو جنم دیتا ہے ذیل کا نسخہ نہایت آسان ہے۔ اس نسخہ کو استعمال کرنے سے الرجی اور خون کے امراض کا بھی خاتمہ ہوتا ہے اپنے آپ کو بہت ہلکا اور تر و تازہ محسوس کریں گے۔ زیتون کے تیل کے 3 سے 5 قطرے ناف میں ٹپکالیں اور اگر نہانے کے بعد یہ قطرے ٹپکائیں تو تاثیر فوری ظاہر ہوگی۔ اس نسخہ سے نا صرف قبض کا خاتمہ ہوتا ہے بلکہ ذہنی کام اور الرجی کا بھی خاتمہ ہو جاتا ہے۔

مراسلہ:۔ارشد چوہدری (ملتان)

درود نور: ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرُ الْاَنْوَارِ وَسِرُّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔

(نوٹ) اگر آپ اپنا چہرہ چمکتا دمکتا اور پُرنور چاہتے ہیں تو درود نور 41 بار بعد نماز فجر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر پھیر لیا کریں۔

Heart Attack Diseases
دل کی بیماریاں

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

علامات:۔دل کی بیماری میں چھاتی میں بائیں طرف شدید درد ہوتا ہے۔ سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے۔ مریض بے ہوش ہو جاتا ہے۔ درد کی شدت سے تڑپنے لگتا ہے۔ دل کے دورے کی صورت میں اچانک چھاتی میں درد ہونے لگتا ہے۔ تھوڑا کام کرنے سے سانس پھول جاتا ہے۔ رات کو بیٹھے بیٹھے اچانک سونے پر مجبور ہونا۔ پاؤں پر سوجن ہونا، جلودھر کا ہونا اور جگر کا بڑھنا ایسی علامات ہیں جو دل کی بیماری کی پرانی حالت میں ہو جاتی ہیں۔

وجوہات:۔دل کی بیماریوں کی وجہ موٹاپا، ذیابیطس، شراب نوشی، زیادہ مرغن غذائیں، تفکرات، تناؤ والی زندگی بسر کرنا، ذہنی دباؤ کا شکار ہونا ہے۔ سب سے اہم وجہ مصنوعی زندگی ہے۔ مفید اور صحت بخش غذاؤں کی بجائے چٹخارے دار غذا کا استعمال معدے کی خرابی اور غلط غذا کا استعمال جیسے چائے قہوہ، کباب، انڈے، کیک پیسٹری، چاکلیٹ کے علاوہ باسی غذائیں بھی دل کی بیماری کی وجہ بن سکتی ہے۔

علاج:۔دل کی بیماریوں کی روک تھام کے لئے ضروری ہے کہ ہم:

(1) کھانا کم کھائیں، وقت پر کھائیں، جو کچھ کھائیں متوازن لیں۔

(2) انڈے کی زردی پرہیز کریں۔ (3) مکھن، نمک اور حلوہ کم سے کم کھائیں

(4) روزانہ پانچ چھ میل پیدل چلیں اور خود موٹا نہ ہونے دیں۔

(5) شراب نوشی اور تمباکو کو نوشی بالکل ترک دیں۔

(6) ہر قسم کی پریشانیوں سے خود کو دور رکھیں (7) بغیر چکنائی کا دودھ استعمال کریں

(8) کھانے میں سورج مکھی یا سفولہ کا تیل استعمال کریں۔

(9) سبزیاں اور پھل زیادہ کھائیں۔

10۔دیر سے ہضم ہونیوالی تیز مصالحے اور تلی ہوئی چیزیں کھانا بند کر دیں۔

ایک کچا پیاز روزانہ کھانے سے دل کی دھڑکن نارمل ہو جاتی ہے۔ پیاز کا رس مناسب مقدار میں پینا بلڈ پریشر میں معاون ہے اور دل کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہو، دل میں درد ہو تو انگور کا رس پینا مفید ہے۔ پانچ عدد پتے رات کو پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح پانی پھینک دیں اور پتے کھا کر دو گھونٹ دودھ پی لیں۔ گاجر کھانے سے دل کی بڑھی ہوئی دھڑکن اور خون کو گاڑھا پن ختم ہو جاتا ہے۔ خشک دھنیا اور مصری ہم وزن لے کر روزانہ ایک چمچ ٹھنڈے پانی سے لینا، دل کی تیز دھڑکن میں بہت ہی مفید ہے۔ لیچی دل کے لئے قوت بخش رہتی ہے۔ سونٹھ کے گرم کاڑھے ایک پیالہ روزانہ پینے سے دل کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ دھڑکن نارمل ہو جاتی ہے۔ دل کا بیٹھ جانا بند ہو جانا ہے۔ موسم سرما میں تلسی کے سات پتے، چار عدد کالی مرچ اور چار بادام سردائی کی طرح رگڑ پیس کر آدھا کپ روزانہ پینے سے دل کو تقویت ملنے کے ساتھ ساتھ دل کی مختلف بیماریاں بھی ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ آنولہ خشک پسا ہوا گائے کے تازہ دودھ میں ملا کر پینا دل کی تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ چولائی کا ساگ پکا کر کھانا اور چولائی کے ساگ کا رس پینا دل کے مریضوں کے لئے مفید ہے۔ اروی 25 گرام سبزی کے طور پر روزانی کھانے سے دل کی بیماری میں فائدہ پہنچاتا ہے۔ دل کے مریضوں کو کالے چنے استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ دو کیلے 15 گرام شہد میں ملا کر استعمال سے دل کا درد غائب ہو جاتا ہے۔ دل کے درد کی صورت میں اجوائن کھانے سے درد بند ہو جاتا ہے۔ انگور کھانے سے دل کے درد میں فوراً آرام آ جاتا ہے۔

دل کی جلن اور گیس:۔املی کے رس میں مصری ملا کر پلانے سے دل کی جلن ختم ہو جاتی ہے۔ آلو کا رس نکال کر پینے سے دل کی جلن مٹ جاتی ہے۔ اگر آپ رس نہ نکال سکیں تو آلو منہ میں چبا کر رس نکال لیا کریں اور گودا تھوک دیا کریں۔ یہ رس پینے سے فوری طور پر ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔

جب دل فیل ہوتا ہوا محسوس ہو تو فوری طور پر لہسن کی چار پانچ تریاں چبالیں آپ کا دل فیل نہ ہوگا۔ بعد میں لہسن دودھ میں ابال کر پیتے رہیں۔ لہسن استعمال کرنے سے خون کی نالیوں کا سکڑنا بند ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بیمار نالیوں میں جما ہوا کولیسٹرول نکال دیتا ہے دل کے دورے کو روکتا ہے۔ لہسن کے استعمال سے پیٹ کی ہوا خارج ہو جانے سے دل پر دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ دل کو طاقت ملتی ہے۔ لہسن کولیسٹرول کو کم کرتا ہے۔ اس طرح دل کے دورے کی بیماری کو روک دیتا ہے۔ **دیگر علاج:**۔سیب، انگور، سنگترہ، آملہ، شتوار، کسمبہ، پیاز اور لہسن اور شہد دل کی مختلف بیماریوں کی صورت میں استعمال کرتے رہنے سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ادارہ روحانیات

برج حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیط 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ صبر و تحمل اور ثابت قدمی کے ذریعے جو کچھ حاصل کر چکے ہیں اسے مضبوطی سے اپنے ہاتھ میں رکھتے ہوئے رکاوٹوں پر قابو پانے میں مدد دے گا۔ شادی شدی افراد کے شریک زندگی سے تعلقات میں تناؤ ہوگا لیکن یہ ایسا وقت ہے کہ اگر تعلقات میں در پردہ تناؤ اور رنجشیں ہیں تو تمام باتیں شریک زندگی پر واضح کر دیں۔ گرما گرم بحث تو ہوگی مگر حالات بہتر ہو جائیں گے یہ ہفتہ خواتین کے لیے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ نئی عمارت کی تعمیر یا جائیداد کی خرید و فائدہ مند ثابت ہو گی۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے اس ہفتہ تھکن کا احساس زیادہ ہوگا۔ اعصابی کمزوری ہو سکتی ہے۔ گرم اشیاء کے استعمال پر توجہ دیں۔ موسم کے مطابق غذاء کا استعمال کریں۔ اگر احتیاط نہ کی تو لمبے عرصے تک مرض سے آپ کی جنگ رہے گی۔ دل و دماغ کو صاف کر لیں۔ روحانیت کی طرف دل کو لائیں۔ آپ احساس کمتری سے باہر آئیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کا آغاز کچھ موافق انداز میں نہ ہوگا۔ مگر اس سے پریشان نہ ہوں۔ تاہم حالات اس ہفتہ کے وسط کے بعد بہتر ہوں گے۔ لیکن اس دوران کچھ موافق نظرات کی وجہ سے ڈھارس رہے گی۔ عطارد ترپیچ مریخ نحس ثابت ہوگی۔ آپ کے شریک حیات یا عزیز کے لئے غیر متوقع نحوست لائے گا۔ مسئلہ خود بخود حل ہو جائیگا۔ مجموعی طور پر یہ ماہ آپ کے لئے بہتر ہوگا۔ ریس، لاٹری وغیرہ میں حصہ لینے سے گریز کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ نحس حالات سے گزر رہا ہے حضیض کے درجات اس سیارہ کو کمزور کر دیتے ہیں۔ اس ہفتہ مالی لین دین، لڑائی جھگڑا، بحث تکرار سے گریز کریں۔ دوران سفر بھی احتیاط کریں۔ چوری کا اندیشہ ہے۔ معدہ اور گردہ کے امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں وہ افراد جن کو شوگر یا بلڈ پریشر کا مرض ہے بہت زیادہ محتاط رہیں۔ مرغ سرخ یا کلیجی کا صدقہ ضرور دیں۔ اس ہفتہ سیاہ رنگ کا استعمال نہ کریں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
[illegible] ب، د۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
[illegible] نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
[illegible] ا، مواعظم یا وھاب 101 بار
[illegible] 28,19,14,9,3
[illegible] 31,17
[illegible] 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ہفتہ یکم تاریخ کو آپ اپنے مستقبل کے لئے بہتر طور پر منصوبہ بندی کر سکیں گے کاروباری تبدیلی کرنے کے مواقع بھی حاصل کر سکیں گے۔ گھریلو، کاروباری اور جائیداد کے مسائل کو حل کر سکیں گے۔ شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں۔ گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کوئی تقریب منعقد کر سکیں گے کاروباری معاہدے طے کر سکیں گے۔ ڈوبی ہوئی رقم ملنے کا امکان ہے دوران سفر احتیاط کی ضرورت ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کاروبار میں متوقع فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ آپ ملازمت کاروبار، صحت اور جائیداد وغیرہ کے معاملات بہتر ہوں گے۔ سرمایہ کاری سود مند رہے گی۔ لین دین میں محتاط برتیں سماجی تقریبات میں شرکت کر کے اچھا نام پیدا کر سکتے ہیں۔ اس ہفتہ رومانس اور سفر بھی خاص اہمیت کے حامل ہونگے۔ مختلف کاموں میں آپ کے لئے خوشخبری اور خوش بختی کی علامت ہوگی۔ پرندوں کو ان کی خوراک صدقہ کے طور پر دیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے۔ یہ وقت بزرگوں سے دعا کروانے کے لئے بہتر ہے وہ افراد جن کے والدین حیات ہیں زندگی میں مسائل سے نجات کیلئے خصوصاً اپنی والدہ سے دعا کروائیں۔ کسی شے کے کھو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ یہ آپ کے لئے کوئی اچھی خبر نہ ہے۔ کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں۔ سبز رنگ فائدہ دیگا۔ ناجائز معاملات سے گریز کریں۔

(26 تا 31) سیارہ زہرہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے۔ اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اُس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں مگر ایک بات یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو با آسانی گرویدہ کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے اپنی محبت دل میں لئے بیٹھے تھے۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت اوج کے درجہ سے گزرے گا۔ سیارے کی یہ قوت آپ کو فائدہ دے سکتی ہے۔ جسمانی امراض سے نجات پانے کیلئے یہ وقت موثر ہے۔ عزیز و اقارب سے ناراضگی بھی ختم کر سکتے ہیں۔ خوشخبری ملنے کی امید بھی کی جا سکتی ہے۔ کسی پر حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں اور اہم دستاویز کو پڑھے بغیر دستخط نہ کریں ان ایام میں ستارے آپ کے حق میں ہیں۔ (9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 12 تا 13 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت بزرگوں کے مشورے سے رکے ہوئے کاموں کی تکمیل کر سکیں گے خوشخبری ملنے کی توقع ہے۔ اس ہفتہ اپنی صحت جسمانی کے متعلق تشویش رہے گی اور اہم امور کے سلسلے میں مصروفیات بڑھے گی مستقبل کے متعلق اہم فیصلہ کر سکیں گے۔ کاروباری معاہدے کامیابی کے ساتھ طے کر سکیں گے۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ اچھی حالت میں نہ ہے اس لئے احتیاط کی ضرورت ہے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بخار یا سینے کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ نمود و نمائش سے گریز کریں۔ ہر کام رزداری سے کرنا اچھا ہے۔ عزیز و اقارب میں آپ کے بارے غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ کسی بھی سنی سنائی بات پر دھیان نہ دیں۔ حاسد آپکے بہت زیادہ نزدیک ہے غور سے اپنے گرد و پیش کا جائزہ لیں تو وہ ظاہر ہو جائیگا۔

(26 تا 31) طالب علم اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں ٹریفک کے معلات احتیاط طلب ہونگے۔ لفظوں میں تناؤ پیدا کریں کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں ورنہ بعد میں پچھتاوے کے کچھ ہاتھ نہ آئیگا۔ بزرگ کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ اختلافات ختم کر دیں اور ان کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ کسی بھی مظلوم کی بددعا سے بچیں۔

سرطان

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

(یکم تا 8) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں اس ماہ اہم تبدیلیاں ممکن ہیں اور بہت سا اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آئے آپ کے برج کا مالک سیارہ قمر بہت تیز رفتاری سے سورج کے گرد اپنا چکر پورا کرتا ہے اس ماہ کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ نحس ایام ہیں ممکن ہے کہ کوئی حادثہ رونما ہو جائے بے احتیاطی برا انجام دے سکتی ہے۔ سرخ رنگ کا استعمال نہ کریں۔

(9 تا 16) ادھیڑ عمر اور نچلے درجہ کے لوگوں سے احتیاط کریں خاص کر افسران بالا اپنے ماتحت اور کاروباری حضرات ملازمین پر خاص نظر رکھیں ان کی وجہ سے کسی بھی قسم کا نقصان ہو سکتا ہے۔ عدالتی کاروائی ان دنوں میں نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔ شریک حیات اور دوستوں سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ شریک حیات سے کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے آپ کو تحمل مزاجی سے کام لینا ہوگا۔ محبوب سے اختلاف ممکن ہے۔

(17 تا 25) غیر شادی شدہ افراد یا وہ لوگ جو عشق و محبت کے مارے میں اس ہفتہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعشیات میں اپنے پیسے کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کے لئے بچا کر رکھ لیں آپ کے لئے سخت ترین دن ہیں۔ لہذا عبادت اور ریاضت کی طرف دھیان دیں۔ اس ہفتہ لڑائی جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔

(26 تا 31) جس کی وجہ سے لوگ اکثر آپ سے خائف ہو جاتے ہیں اور جلد پیچھا چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں تحریری معاملات معاہدہ کرنے جھگڑوں کا فیصلہ کرنے اور عزیز و اقارب سے صلح کرنے کیلئے بہترین دن ہیں اس موقع کو ہاتھ نہ جانے دیں۔ دشمن آپ کے جال بُن رہا ہے۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس

حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسنیا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1۔ اسم اعظم، یا مھیمن 115 بار۔ یا متکبر 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) اس ہفتہ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کھلے پانی میں جانے سے گریز کریں سرسبز مقامات طبیعت میں تازگی پیدا کریں گے۔ لہجہ نرم اور شگفتہ ہو تو کئی مخالفت بھی آپ کی بات سننے کو تیار ہو جائیں گے۔ ایک بیمار عزیز یا دوست آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوران سفر محتاط رہیں۔

(9 تا 16) جسمانی صحت بہتر رہیگی لیکن ضروری ہے کہ اپنا مکمل چیک اپ کروائیں دیرینہ بیماری سے نجات مل سکتی ہے ایک بزرگ کی دی گئی دعا سے مسئلہ حل ہوگا سب کو ساتھ لے کر چلیں کچھ لوگ آپ سے بہت سی امیدیں لگائے بیٹھیں ہیں آپ کی جانب سے بھی مثبت رویہ ملنا چاہئے ۔لڑائی جھگڑا یا الجھا ہوا معاملہ حل ہو سکتا ہے کسی دوسرے کے مسئلہ میں خود کودنے کی کوشش نہ کریں۔ قسمت آزمائی نہ کریں نقصان ہو سکتا ہے۔

(17 تا 25) سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ ایسے افراد جو کہ شریک حیات سے بے حد محبت کرتے ہے اس ہفتہ گولڈ کی جیولری تحفتاً دینے سے بہت سے معاملات بہتری کی طرف آسکتے ہیں۔ تلخ کلامی بنی بات کو مزید الجھا سکتی ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آ جائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہو جائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ بزرگ کی بات ماننے میں ہی فائدہ ہے روحانی فیض میسر آ سکتا ہے۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے اچھا ہفتہ ہے۔ اس ماہ کے آخری ایام میں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ کوشش کریں کہ ملازمین پر ایک حد تک بھروسہ کریں۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد

حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیز 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) ان ایام میں سیارہ عطارد جو آپ کے برج کا حاکم ہے شرف کے بعد دوسری قوت اوج کی ہوتی ہے یہ مبارک وقت شمار کیا جاتا ہے اس سال آئندہ ہفتہ یہ سیارہ اپنے اوجی درجات سے گزریگا۔ جو کہ آپ کیلئے خوش بخت ثابت ہوگا ایسے میں آپ رُکے ہوئے کام سرانجام دے سکتے ہیں طالب علموں کیلئے یہ ہفتہ مبارک ثابت ہو سکتا ہے۔ ذہنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کریں یاد رکھیں ہر بری شے کا انجام برا ہوتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں ایک خاص قائم ہونے والی سعد نظر عطارد تسدیس زحل اس ہفتہ بن رہی ہے۔ یہ وقت ناراض لوگوں کو منانے کیلئے بہت اچھا ہے۔ ان ایام میں کوئی نیا کاروبار بھی فائدہ دے سکتا ہے۔ بیروزگار افراد کو روزگار بھی مل سکتا ہے۔ جو لوگ آپ کے دشمن تھے آپ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھائینگے۔ آپ پیچھے نہ ہٹیں محبت سے دُنیا قائم ہے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے اثرات کی وجہ سے آپ کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ پنچایتی فیصلے اور مقدمہ میں جیت ممکن ہوگی۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جا سکتے ہیں۔

